اٹارنی جنرل: جس کتاب سے حوالے دئے ہیں اس کا صفحہ ۲۳۱ ہے۔ دافع البلاء اس کا صفحہ ۱۱ ہے اس کا پیرا ختم ہو رہا ہے۔ اگر ان لوگوں نے الگ بتایا ہے یہی تھا جملہ کہ سچا خدا وہی ہے جس نے قادیان میں اپنا رسول بھیجا۔

مرزا ناصر احمد: سوال یہ ہے کہ یہاں رسول کا لفظ جو استعمال کیا آپ نے یہ سمجھا۔

اٹارنی جنرل: اب ایک دوسرا سوال عرض کروں گا کہ حقیقت الوحی صفحہ ۳۹۱ ہے مرزا صاحب فرماتے "نبی کا نام پانے کے لئے میں مخصوص کیا گیا دوسرے لوگ اس کے مستحق نہیں" یہ بھی آپ تصدیق کریں۔

(کاروائی 1974/8/9 ص29)

مرزا ناصر: جی پیشگوئی کے مطابق مرزا غلام احمد ہی ہے۔

اٹارنی جنرل: کتاب "دافع البلاء" جو مرزا غلام احمد کی ہے' اس کے ص 11 پر ہے کہ سچا خدا وہی ہے جس نے قادیان میں اپنا رسول بھیجا۔ ("روحانی خزائن" ص 231' ج 18) یہاں مطلب اللہ تعالیٰ کے اپنے نبی بھیجنے کا ہے یا امتی نبی کا؟

مرزا ناصر: صفحہ کونسا ہے۔

اٹارنی جنرل: صفحہ 11 ہے اور اسی پر پیرا ختم ہو رہا ہے۔

مرزا ناصر: یہاں رسول کا لفظ استعمال ہوا ہے۔

(قومی تاریخی دستاویز۔ ص۔ نمبر 134)

صفحات کے صفحات چھوڑنے کے بعد اللہ وسایا نے یہ حصہ کتاب میں شامل کیا ہے وہ بھی الفاظ کی تبدیلی کے ساتھ

اٹارنی جنرل: اب ایک دوسرا سوال عرض کروں گا کہ مرزا صاحب کی کتاب "حقیقت الوحی" ص 391 ہے۔ مرزا صاحب فرماتے ہیں کہ نبی کا نام پانے کے لیے میں مخصوص کیا گیا' دوسرے لوگ اس کے مستحق نہیں۔ (مندرجہ "روحانی خزائن" ص 407' ج 22) یہ بھی آپ تصدیق کریں گے؟

مرزا ناصر: امت محمدیہ تیرہ سو سال پہلے تک یہی سمجھتی رہی۔

(قومی تاریخی دستاویز۔ ص۔ نمبر 134)

F.8

اٹارنی جنرل: نہیں امت محمدیہ یہ نہیں سمجھتی رہی کہ قادیان میں مرزا غلام احمد آئے گا؟

مرزا ناصر: امت جو سمجھتی ہے' یہ ایک بشارت دی گئی۔

اٹارنی جنرل: نبی کا نام پانے کے لیے مجھے مخصوص کیا گیا' دوسرے لوگ اس کے مستحق نہیں' یہ اپنے بارے میں کہا ہے؟

مرزا ناصر: ہاں اپنے بارے میں۔

(قومی تاریخی دستاویز۔ ص۔ نمبر134)

مرزا ناصر احمد: بلکہ میں نے بتایا کہ امت محمدیہ ۱۳۰۰ سال تک یہ سمجھتی رہی -

اٹارنی جنرل: نہیں امت محمدیہ یہ نہیں سمجھتی رہی - کہ قادیان میں مرزا غلام آئے گا -

مرزا ناصر احمد: امت جو سمجھتی ہے یہ ایک بشارت دی گئی ہے -

اٹارنی جنرل: نہیں تو اور سوال ہے -

مرزا ناصر احمد: اشارت کے جو . . .

اٹارنی جنرل: نبی کے نام پانے کے لئے مجھے مخصوص کیا گیا -

دوسرے لوگ اس کے مستحق نہیں - یہ اپنے بارے میں کہا ہے -

مرزا ناصر احمد: ہاں اپنے بارے میں -

اٹارنی جنرل: اب ایک اور حوالے کی طرف اشارہ ہے -

درثمین صفحہ ۲۸۸

انبیاء گرچہ بودہ اند بسے - من بہ عرفاں نہ کمترم ز کسے

آنچہ داد است ہر نبی را جام - داد آں جام را مرا بتمام

مرزا ناصر احمد: یہ حضرات کے . . . . . .

اٹارنی جنرل: یہ مرزا صاحب کے شعر ہیں -

F.8

مرزا ناصر احمد: یہ شیعہ حضرات کے اس اقتباس کا ترجمہ ہے
جو یہ نے کل پڑھ کر سنایا تھا۔ وہ کہیں گے جس نے ابراہیم علیہ السلام
کو دیکھنا ہے زرہ ہمیں دیکھے۔

مرزا ناصر احمد: وہ یہ فرماتے ہیں ۔۔۔۔۔

مرزا ناصر احمد: جو وہ حانی جام انبیاء کو دیئے گئے تھے وہ مجھے
نبی کریم کے طفیل بھر رنگ میں دیئے گئے ہیں۔

اٹارنی جنرل: میں ترجمہ کرتا ہوں۔ اگرچہ اس دنیا میں بہت
سے نبی ہوئے ہیں۔ میں ان میں سے کسی بھی عرفان میں کسی سے
کم نہیں ہوں۔ جس نے ہر نبی کو جام دیا اس نے مجھے بھی بھر کر
جام دیا۔ اپنے متعلق کہہ رہے ہیں کہ میں کسی سے کم نہیں ہوں۔

مرزا ناصر احمد: ٹھیک ہے، اپنے متعلق کہا ہے۔

(کاروائی 1974/8/9 ص 30،29)

حضرت صاحب نے شیعہ لٹریچر سے اس حوالے کا جواب دیا مگر شائع شدہ کاروائی میں اس کا ذکر نہیں ہے۔

135

انبیاء گرچہ بودہ اند بسے   من بہ عرفان نہ کمترم ز کسے

آنچہ داد است ہر نبی را جام   داد آں جام را مرا بتمام

("نزول المسیح" ص 99، مندرجہ "روحانی خزائن" ص 477، ج 18)

اگرچہ اس دنیا میں بہت سے نبی ہوئے ہیں، میں ان میں سے کسی سے بھی عرفان میں کم نہیں ہوں۔ جس نے ہر نبی کو جام دیا، اس نے مجھے بھی بھر کر جام دیا۔
اپنے متعلق کہہ رہے ہیں کہ میں کسی سے کم نہیں ہوں؟

مرزا ناصر: ٹھیک ہے، اپنے متعلق کہا ہے۔

(قومی تاریخی دستاویز۔ ص۔ نمبر 135)

اشعار کا ترجمہ پیش کرتے ہوئے بظاہر اپنے مطلب کی بات نظر آئی تو کوئی تبدیلی کیے بغیر اسے شائع کیا ہے۔

F.8

اٹارنی جنرل: آپ لوگوں کا رسالہ "تشحیذ الاذہان" اگست 1917ء کا ایک اور حوالہ مارچ 1914ء کا' اس میں ہے کہ آنحضرت کے بعد صرف ایک نبی ہونا لازم ہے۔ بہت انبیاء کا ہونا خدا تعالیٰ کی مصلحتوں اور حکمت میں رخنہ اندازی پیدا کرتا ہے۔ مرزا صاحب اب یہاں آپ کے اور باقی مسلمانوں کے نقطۂ نظر میں کیا یہ فرق نہیں' مسلمان سمجھتے ہیں کہ آنحضرت کے بعد کوئی نبی نہیں ہوگا۔ اللہ تعالیٰ کی حکمت و مشیت یہی تھی کہ نہ آئے' اگر آئے تو حکمت خداوندی میں رخنہ پیدا کرتا ہے۔ آپ کے نزدیک ایک نبی آسکتا ہے' ایک تک تو رخنہ پیدا نہیں ہوگا' اس سے زیادہ آئیں گے تو رخنہ پیدا ہوگا' یہ کیوں؟

مرزا ناصر: یہ کیوں کا سوال فلسفیانہ ہے۔

اٹارنی جنرل: آپ کہتے ہیں کہ ایک اور صرف ایک؟

مرزا ناصر: وہ آنے والا ہے آپ کے نزدیک' ہم کہتے ہیں کہ آگیا۔

اٹارنی جنرل: دو باتیں ہیں: ایک تو یہ کہ سب کا عقیدہ ہے کہ مسیح آئیں گے' اس پر تو اختلاف نہیں۔ وہ تو پہلے کے نبی مقرر ہوئے۔ یہ حقیقت ہے کہ نہیں' صرف اسی کو لیں؟

(قومی تاریخی دستاویز۔ ص۔ نمبر 135)

اٹارنی جنرل: اب ایک حوالہ ہے۔ تشحیذ الاذہان اگست 1917ء۔

مرزا ناصر احمد: یہ رسالہ چھپا کرتا تھا اس کا مضمون جو لکھنے والا کون ہے۔

اٹارنی جنرل: یہ میں نہیں جانتا اس واسطے میں صرف انڈیکیشن چاہتا ہوں۔

ایک حوالہ مارچ 1914ء اور اگست 1917ء کا ہے۔

مرزا ناصر احمد: یہ دونوں تشحیذ الاذہان ہیں۔

اٹارنی جنرل: ہاں جی۔ اس میں لکھا ہے اور یہ مرزا صاحب نہیں کہہ رہے۔

1914ء 1917ء کی بات ہے کہ نبی کریمؐ کے بعد ایک نبی کا ہونا لازم ہے

بہت نبیوں کا ہونا خداوند تعالیٰ کی بہت سی مصلحتوں میں اور حکمت میں رخنہ پیدا کرتا ہے۔

مرزا ناصر احمد: نہیں۔ یہ مضمون کے لحاظ سے میں تسلیم کرتا ہوں۔ ایک الفاظ کے لحاظ سے میں تسلیم نہیں کرتا۔

(کاروائی 1974/8/9 ص 31)

اٹارنی جنرل: آنحضرت کے بعد صرف ایک نبی کا ہونا لازم ہے۔
جب انبیاء کا ہونا خدا تعالیٰ کی بہت سی مصلحتوں اور حکمت میں
رخنہ پیدا کر رہا ہے۔ [illegible] اب یہاں آپ کے اور
باقی مسلمانوں کے نقطۂ نظر میں کیا فرق نہیں کرو، جو اس کی تعبیر سے کے
ہیں۔ سب یہ سمجھتے ہیں کہ آنحضرت کے بعد انبیاء کا ہونا خدا تعالیٰ
کی بہت سی مصلحتوں اور حکمت میں رخنہ پیدا کرنا ہے۔ اور کہ
یہ عقیدہ ہے کہ آنحضرت کے بعد کوئی نبی نہیں آئے گا کیونکہ اللہ تعالیٰ کی
منشیت بھی یہی کہ نہ آئے اور اگر آئے تو وہ حکمت میں رخنہ
پیدا کرتا ہے۔ ایک ادنیٰ بھی آ سکتا ہے۔ ایک کے رخنہ پیدا نہیں ہوگا۔
[illegible] رخنہ پیدا ہو گیا۔

(کاروائی 1974/8/9 ص31)

تشحیذ الاذہان کے حوالے سے حضرت صاحب نے اپنا واضح مؤقف بیان فرمایا کہ الفاظ تسلیم نہیں کرتا پھر بھی اٹارنی جنرل صاحب نے تشحیذ الاذہان کا حوالہ پیش کر کے اعتراض پیش کر دیا۔

مولوی صاحب کی شائع شدہ کاروائی میں حضرت صاحب کی اس وضاحت کا کوئی ذکر نہیں۔ اس کے علاوہ ایک تفصیلی جواب کو انتہائی اختصار سے بیان کر دیا ہے جس سے موقف واضح نہیں ہوتا۔

F.8

نبی کے آنے یا نہ آنے کے سوال پر دائیں طرف درج واضح اور تفصیلی جواب کا شائع شدہ کاروائی میں کوئی ذکر نہیں ہے

32

مرزا ناصر احمد: میں نے ابھی عرض کیا تھا کہ امت محمدیہ ۱۳ سو سال تک یہ
عقیدہ رکھتی رہی ہے کہ ایک نبی اس امت میں آئے گا اور اس کی
تعبیر ہمارا صوفیانہ فلسفیانہ ہے کہ یہ صرف ایک کی بشارت کیوں
دی گئی اور ۱۳ سو سال تک امت محمدیہ صرف ایک مسیح نبی اللہ
جس کو چار دفعہ حدیث مسلم میں کہا گیا ہے صرف اس کے آنے
کی انتظار کرتی رہی۔ یہ مسیح کا جواب فلسفیانہ ہے۔

اٹارنی جنرل: اب مرزا صاحب! سوال یہ ہے کہ ایک نبی آئے گا۔ آپ
کہتے ہیں کہ امتی نبی آئے گا۔

مرزا ناصر احمد: ہمارا فرق یہ ہے، اگر آپ چاہیں تو میں بتا دوں۔
۱۳ سو سال تک جو عقیدہ تھا، وہ یہ تھا کہ مسیح نبی اللہ آئے گا۔
یہ امت کا عقیدہ تھا، لیکن کوئی حسین کوئی شکل انہوں نے
اس لیے نہیں بتائی کہ وہ آیا نہ تھا۔ ہمارا اور باقی ہمارے
بزرگوں کا صرف یہاں فرق نظر آتا ہے، اور یہ ہونا بھی چاہیے
کہ ہم یہ کہتے ہیں کہ جس کا انتظار تیرہ سو سال تک کیا جا رہا
تھا، وہ آگیا۔ وہی ہمارے سلف صالحین کہہ رہے تھے کہ
جس کا انتظار ۱۳ سو سال سے کیا جا رہا تھا، وہ آنے والا ابھی
نہیں آیا، اور آنے والا۔۔۔ فرق ہے اور ہونا چاہیے تھا،
کیونکہ وہ پہلی صدیاں تھیں اور ہم دوسری صدی میں داخل ہو گئے۔

(کاروائی 1974/8/9 ص32)

F.8

اٹارنی جنرل: دو باتیں ہیں مرزا صاحب! ایک تو یہ کہ یہ سب کا عقیدہ ہے کہ مسیح آئیں گے۔ اس پر تو CONTROVERSY نہیں تھی۔ ان کے ... نہیں تھی، وہ تو پہلے سے نبی مقرر ہو چکے تھے۔ یہ حقیقت ہے کہ نہیں؟

33

مرزا ناصر احمد: پہلے سے وہ نبی تھے۔ وہ جو شریعت موسویہ۔۔۔

اٹارنی جنرل: نہیں، نبوت ان کو ملی تھی کہ نہیں؟

مرزا ناصر احمد: شریعت موسویہ کے جاری کرنے کا حکم خداوندی کے ساتھ اس دنیا میں آئے تھے۔

اٹارنی جنرل: مرزا صاحب! اُن کی اتھارٹی change ہو گئی۔ ان کو کہا امت میں رہو گے، لیکن نبی وہ پہلے تھے۔ اس میں تو سوال ہی نہیں پیدا ہوتا۔

مرزا ناصر احمد: پھر اصل وہ ٹھیک ہے۔ ایک نقطہ نگاہ سے ٹھیک ہے۔ صرف یہ اختلاف ہے ناں ہمارا۔۔۔

اٹارنی جنرل: میں تو یہ عرض کر رہا تھا کہ یہاں تو مسیح کا سوال نہیں ہے۔ یہاں تو صاف کہہ رہے ہیں کہ آنحضرت ﷺ کے بعد صرف ایک نبی کا ہونا لازم ہے۔

مرزا ناصر احمد: وہی مراد ہے۔ دوسری جگہ اسکی Explanation ...

(کاروائی 9/8/1974 ص 33،32)

مرزا ناصر: وہ آنے والا ہے آپ کے نزدیک، ہم کہتے ہیں کہ آگیا۔

اٹارنی جنرل: دو باتیں ہیں: ایک تو یہ کہ سب کا عقیدہ ہے کہ مسیح آئیں گے، اس پر تو اختلاف نہیں۔ وہ تو پہلے کے نبی مقرر ہوئے۔ یہ حقیقت ہے کہ نہیں، صرف اسی کو لیں؟

مرزا ناصر: جی وہ پہلے کے نبی تھے۔

اٹارنی جنرل: میں تو یہ عرض کرتا ہوں کہ یہاں مسیح کا سوال نہیں، یہاں تو صاف کہہ رہے ہیں کہ آنحضرت کے بعد صرف ایک نبی ہونا لازم ہے۔ اب "تشحیذ الاذہان" کی عبارت پڑھیں، اس مرحلہ پر ہے، یہ لیں رسالہ۔

مرزا ناصر: عبارت تو یہی ہے جو آپ نے کہی۔

اٹارنی جنرل: یہاں مسیح کا سوال نہیں، وہ ابن مریم ہوگا۔ میں اس کی تفصیل میں نہیں جاتا، آپ کہتے ہیں کہ ایک امتی نبی آئے گا؟

مرزا ناصر: ہمارے نزدیک یہی مسیح اور یہی امتی نبی۔

(قومی تاریخی دستاویز۔ ص۔ نمبر 135۔ 136)

وفات مسیح کی بحث سے بچنے کے لیے فوراً بات کا رخ بدل لیا ہے۔ یہ بھی ممکن ہے کاروائی کے دوران دیے گئے جواب کو یہاں درج نہیں کیا گیا۔ شائع شدہ کاروائی میں بعض الفاظ کا اضافہ کر دیا گیا ہے۔

F.8

اٹارنی جنرل: بعث انبیاء کا ہونا خدا تعالیٰ کی مصلحتوں
اور حکومت میں رخنہ کرتا ہے۔ بعث کا تو سوال ہی پیدا نہیں
ہوتا۔ سوال تو یہ تھا اگر مسیح کا ہوتا تو تب تو وہ یہاں
پہ آگئے تھے۔ باقی وہ جو حدیث میں تھا 'وہ بائیس برس
کہ ابن مریم کا بیٹا ہوگا وغیرہ۔ اس کی تفصیل میں میں
نہیں جانا چاہتا۔ یہاں آپ نے جو فرمایا ہے کہ ایک امتی
نبی آئے گا اور ہمارا یہ بھی عقیدہ ہے کہ مرزا غلام احمد صاحب
امتی نبی ہیں۔ ہمارا یہ بھی عقیدہ ہے کہ وہ مسیح ہیں۔

(کاروائی 1974/8/9 ص 33)

34

مرزا ناصر احمد: وہ مسیح جس کا انتظار کیا جا رہا تھا۔
اٹارنی جنرل: آپ نے یہ نہیں کہا کہ ہمارا یہ عقیدہ ہے کہ وہ
مسیح یہاں آئے۔ امتی نبی بھی' and also —

(کاروائی 1974/8/9 ص 34)

F.8

35

جب مرزا صاحب فرماتے ہیں کہ: "میں بیت اللہ میں کھڑے ہو کر یہ قسم کھا سکتا ہوں کہ وہ پاک وحی جو میرے اوپر نازل ہوتی ہے،" ایک نبی ہونے کی حیثیت سے بول رہے ہیں کہ مجھ پر جو وحی نازل ہوتی ہے وہ اسی خدا کا کلام ہے، "جس نے حضرت موسیٰ، حضرت عیسیٰ اور حضرت محمد مصطفیٰ صلعم پر اپنا کلام نازل کیا تھا۔" یہ ان تینوں سے علیحدہ نبی ہو کر اپنے کلام کا ذکر کر رہے ہیں [illegible]

مرزا ناصر احمد: بالکل نہیں۔

اٹارنی جنرل: حضرت عیسیٰ کا ذکر کر رہے ہیں اور ساتھ کہہ رہے ہیں کہ وہ وحی جو مجھ پر آئی ہے، میری وحی ویسی ہی پاک ہے جو عیسیٰ پہ آئی اور جو موسیٰ پر آئی۔ تین نبیوں کا ذکر کر کے ہیں چوتھا میں ہوں ۔۔۔ میرا یہ اندازہ ہے کہ ان کا یہ مطلب تھا۔ آپ مزید تفصیل کر سکتے ہیں۔

مرزا ناصر [illegible]

(کاروائی 1974/8/9 ص35)

اَصل کاروائی اور مولوی صاحب کی کاروائی میں فرق ملاحظہ فرمائیں۔

اٹارنی جنرل: سب سے ہٹ کر۔ چلو یہ "ایک غلطی کا ازالہ" مرزا صاحب کا کتابچہ ہے، اس میں ہے "میں بیت اللہ میں کھڑے ہو کر قسم کھا سکتا ہوں کہ وہ پاک وحی جو میرے اوپر نازل ہوتی ہے، وہ اسی خدا کا کلام ہے جس نے حضرت موسیٰ اور حضرت عیسیٰ اور حضرت محمد مصطفیٰ پر اپنا کلام نازل کیا تھا"۔ ("ایک غلطی کا ازالہ" ص 6، مندرجہ "روحانی خزائن" ص 210، ج 18) یہ صحیح ہے؟

مرزا ناصر: عبارت کی تصدیق کرتا ہوں، صحیح ہے۔

اٹارنی جنرل: تو یہ تینوں کا ذکر کر کے کہتے ہیں کہ میں چوتھا تھا۔ وہ تینوں امتی نبی تھے۔ ظاہر ہے کہ نہیں، بلکہ صاحب شریعت تھے۔ اب تو مرزا صاحب امتی نبی نہ ہوئے، بلکہ ان تینوں جیسے، ان کے بعد چوتھے؟

(قومی تاریخی دستاویز۔ ص۔ نمبر 136)

F.8

مرزا ناصر احمد: آپ نے تو صرف یہاں منبع وحی کی بات
کی ہے، کیفیت وحی کی بات نہیں کی۔ آپ یہ کہتے ہیں کہ جیسا
چشمہ قرآن عظیم جیسی عظیم ہدایت سے نکلا، جاری ہوا، وہی
کچھ سے بات کرنے والا ہے۔ یہ نہیں بتاتے کہ قرآن کریم کی
ہدایت کے مطابق یا اس کے برابر میری وحی ہے۔ یہ بتا رہے
ہیں دنیا کو کہ میں ہر قسم کی قسم کھانے کے لئے تیار ہوں
کہ میری وحی شیطانی وحی نہیں، بلکہ الٰہی وحی ہے۔ محمد
کی وحی کے مقابلے میں حضرت موسیٰ اور عیسیٰ کو کس طرح
رکھ سکتے ہیں۔ اگر جو آپ استدلال کر رہے ہیں،
وہ کریں تو پھر تو گویا قرآن سے بھی بڑھ کر کافر بن جاتے ہیں۔

اٹارنی جنرل: مرزا صاحب! میرا یہ مطلب نہ تھا ——

مرزا ناصر احمد: صرف چشمہ وہی ہے۔

اٹارنی جنرل: میں نے یہ نہیں کہا کہ ہے کہ وہ یہ فرما رہے ہیں
کہ میری وحی ان سے بہتر وحی ہے۔ میں نے یہ نہیں کہا، یہ تو
اللہ کی طرف سے آئی ہوئی ہے۔ وہ یہ کہہ رہے ہیں۔

مرزا ناصر احمد: ویسی ہی سچی ہے۔

(کاروائی 1974/8/9 ص 36,35)

مرزا ناصر: میری وحی شیطانی نہیں بلکہ وحی الٰہی ہے۔ ان جیسی ہے نہ کہ ان کے برابر۔ برابر کہیں تو ہم کافروں سے بھی بڑھ کر کافر بن جاتے ہیں۔

اٹارنی جنرل: یہ تو اللہ تعالیٰ کی طرف سے آئی ہوئی ہے، وہ یہ کہہ رہے ہیں؟

مرزا ناصر: ویسی ہی سچی ہے۔

(قومی تاریخی دستاویز۔ ص۔ نمبر 136)

F.8

اَصل کاروائی اور مولوی صاحب کی کاروائی میں فرق ملاحظہ فرمائیں۔

اٹارنی جنرل: میرا پوائنٹ یہ تھا کہ یہ ایک مختلف وحی ہے جو ایک مختلف نبی پر آئی ہے۔ یہ مضمون ظاہر کر رہا ہے یا نہیں؟

مرزا ناصر: چشمہ وحی کا ایک ہے۔ اگر وہ اللہ کا کلام ہے تو خدا کے کلاموں میں فرق کرنا پڑے گا کہ بعض زیادہ پاک ہیں اور بعض کم پاک ہیں۔ ہماری عقل میں تو یہ بات آتی نہیں ہے۔ اپنے پاک چشمہ کی وجہ سے ایک جیسی ہے لیکن کیفیت میں اختلاف ہے۔

اٹارنی جنرل: معاف کیجئے، یہ مضمون ظاہر کر رہا ہے کہ ان پر ایک مختلف

(قومی تاریخی دستاویز۔ ص۔ نمبر 136)

اٹارنی جنرل: ہاں، اور وہی پاک ہے جو اللہ نے محمد کو بھیجی۔ میرا پوائنٹ یہ تھا کہ یہ ایک مختلف وحی ہے۔ یہ Emphasize کر رہے ہیں کہ یہ ایک مختلف وحی ہے جو ایک مختلف نبی پر آئی ہے، یہ مضمون ظاہر کر رہا ہے کہ نہیں؟

مرزا ناصر احمد: وحی جو ہے اللہ تعالےٰ کی، ہمارے عقیدے کے مطابق ان انبیاء پر بھی نازل ہوئی جو شریعت نہیں لائے تھے، ہمارے نزدیک، ہمارے عقیدے کے مطابق غیر لائے پاک کے پاک الفاظ میں وحی امت محمدیہ کے صلحاء پر بھی نازل ہوئی۔ جہاں تک ان کی پاکیزگی کا سوال ہے، اس کے متعلق چشمہ ''وحی'' ہے یعنی SOURCE وہی ہے جو کیا تھا۔ اگر وہ اللہ کا کلام ہے، تو اللہ کے کلام کے متعلق یہ کہنا تو خدا کے کلاموں میں یہ فرق کرنا پڑے گا کہ بعض زیادہ پاک ہیں اور بعض کم پاک ہیں۔ ہماری عقل میں تو یہ بات نہیں آتی کہ جو خدا کی طرف سے بات آئی

(کاروائی 1974/8/9ص,36)

F.8

وہ خدا کی طرف سے آنے والی تمام باتوں کے مطابق اپنے پاک
چشمے کی وجہ سے ایک جیسی ہے، لیکن اپنی کیفیت میں بڑا اختلاف
رکھتی ہے۔

اٹارنی جنرل: مرزا صاحب! معاف کیجئے۔ میں نے یہ نہیں کہا کہ
وہ یہ کہہ رہے ہیں کہ باقی وحیاں پاک ہیں یا ان کی پاک
نہیں ہے۔ اس پر تو کوئی dispute نہیں۔ مضمون بڑا
صاف ہے۔ وہ فرماتے ہیں کہ میری وحی بھی ایسی پاک ہے
جیسے باقی انبیاء کو وحی ملی ہے۔ جن کا وہ ذکر کرتے
ہیں۔ میں تو اس پر عرض کر رہا تھا۔ یہ مضمون یہ ظاہر
کر رہا ہے کہ اُن پر ایک مختلف وحی آئی ایک مختلف
نبی کی حیثیت سے۔

مرزا ناصر احمد: یہ نہیں ظاہر کر رہا۔

اٹارنی جنرل: میں ابھی اصل پڑھ دیتا ہوں:

The words are quite plain and simple - - - -

(کاروائی 1974/8/9 ص 37)

F.8

دونوں کاروائیوں کا فرق ملاحظہ فرمائیں۔

وحی آئی، ایک مختلف نبی کی حیثیت سے؟

مرزا ناصر: حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر جو وحی آئی، وہ شریعت موسوی کو
مستحکم کرنے کے لیے، کوئی نئی شریعت نہ تھی۔

(قومی تاریخی دستاویز۔ ص۔ نمبر 137)

مرزا ناصر احمد: میرا جواب سن لیجئے کہ آپ نے اس جگہ
حضرت موسیٰ اور حضرت عیسیٰ کا نام لیا ہے۔ حالانکہ حضرت
عیسیٰ علیہ السلام کی وحی، موسیٰ علیہ السلام کی شریعت کو
منسوخ کرنے والی نہیں ہے اور یہ خود مثال بتا رہی ہے
کہ کیا مطلب ہے وہ مطلب نہیں جو لیا جا سکتا ہے۔ کوئی
اور لے لے۔ اس کا حضرت عیسیٰؑ پر جو وحی نازل ہوئی

(کاروائی 9/8/1974 ص37,)

-38-

اس نے شریعت موسوی کو منسوخ نہیں کیا بلکہ شریعت موسوی کی
تائید کرنے والی اور شریعت موسوی کو بنی اسرائیل کے اندر
مستحکم کرنے کے لئے، جاری کرنے کے لیے اور ان کو بھی اگر ابتلا
کی زندگیوں میں موسوی شریعت کو قائم کرنے کے لئے عیسیٰ کی
کی ساری وحی تھی، کوئی نئی شریعت نہیں تھی۔

(کاروائی 9/8/1974 ص38)

F.8

دونوں کاروائیوں کا فرق ملاحظہ فرمائیں۔

اٹارنی جنرل: میں نہیں کہتا کہ نئی شریعت تھی، لیکن میں کہتا ہوں کہ عیسیٰ علیہ السلام ایک مختلف نبی تھے اور اپنی وحی ان پر مختلف آئی، جو موسیٰ علیہ السلام پر آئی تھی اور یہی سوال یہاں پیدا ہوتا ہے۔ مرزا صاحب کا مقصد یہ ہے کہ وہ خود (مرزا) اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم میں فرق ہے۔ مجھ پر (مرزا صاحب) جو وحی آئی ہے، وہ نہیں جو محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر آئی ہے مگر ہے اسی طرح پاک، ہے علیحدہ؟

(قومی تاریخی دستاویز۔ ص۔ نمبر 137)

اٹارنی جنرل: کوئی نئی شریعت نہیں تھی۔ میں یہ نہیں کہتا کہ کوئی نئی شریعت تھی لیکن میں کہتا ہوں کہ عیسیٰ علیہ السلام ایک مختلف نبی تھے اور اپنی وحی ان پر مختلف آئی جو موسیٰ پر آئی تھی۔ سوال یہ ہے اور یہی سوال یہاں پیدا ہوتا ہے کہ امت محمدیہ کو کیا ہے۔

مرزا ناصر احمد: استدلال ہی ۔۔۔

اٹارنی جنرل: اسی طرح جیسے عیسیٰ اور موسیٰ علیہما السلام مختلف ہیں نہیں کہتا میں اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم مختلف تھے۔ یہ ظاہر کرتا ہے کہ میں اور یہ کہتا ہے جو مجھ پر وحی آئی ہے وہ نہیں جو محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر آئی ہے۔ اسی طرح پاک ہے۔

مرزا ناصر احمد: اختلاف امت محمدی اگر لیا جائے تو نہیں اگر اختلاف لفظی لیا جائے تو ٹھیک ہے۔

اٹارنی جنرل: ہاں۔ یہ ہیں لفظی ۔۔۔

مرزا ناصر احمد: یہ لفظی اختلاف یعنی حضرت مسیح موعود نے جن کو ہم امتی نبی سمجھتے ہیں ان کو وحی کے ذریعے یہ کہا گیا کہ (عربی ۔۔۔۔۔۔ لیظہرہ علی الدین)۔

(کاروائی 1974/8/9 ص 38)

F.8

39

ان کے متعلق یہ کہا گیا کہ دینِ اسلام کو قائم کرنے اور یقیم الدین
اور شریعت محمدیہ کا احیاء کرنا یہ اس کا سپرد کام ہیں اور اس
منصب کے ماتحت اللہ تعالیٰ کی وحی ہوگی جو لوگوں پر شریعت
محمدیہ کی جو روشن تعلیمات ہیں ان کو کھول کر بیان کرے گا اور نئے زمانے
کے نئے مسائل کو شریعت محمدیہ قرآن عظیم کی روشنی میں اس
وحی سے روشنی پا کر ساری دنیا پر ثابت کرے گا کہ دین اسلام
سچا ہے۔

اٹارنی جنرل: مرزا صاحب! کیا یہ فرق نبی کا دعویٰ کئے بغیر کوئی شخص
کر سکتا ہے؟

مرزا ناصر احمد: کر سکتا ہے۔

اٹارنی جنرل: کر سکتا ہے؟

مرزا ناصر احمد: بالکل کر سکتا ہے۔ یہی تو میں کہہ رہا ہوں۔

اٹارنی جنرل: کیونکہ آپ نے فرمایا ہے کہ وحی تو بزرگوں
پر بھی آ سکتی ہے۔

مرزا ناصر احمد: یہ کر سکتا ہے کیونکہ آپ ہی مجھے اس
واسطے آپ نے وہ مثالیں دے دیں۔

اٹارنی جنرل: نہیں میں نے دیکھے ہیں...

مرزا ناصر احمد: جی ہاں بالکل کر سکتا ہے۔

اٹارنی جنرل: میں عرض کرتا ہوں پھر اگر شریعت وہی ہے
امت محمدیہ کے ہیں وہ اور وہ بھی وہی کام کرنے کے لئے
صرف آئے ہیں جو ایک اولیاء کی حیثیت سے محدث کی حیثیت سے

(کاروائی 1974/8/9 ص39)

مرزا ناصر: اختلاف لفظی' ہاں ٹھیک ہے۔ یقیم الدین وہ دین کو قائم کرنے والے تھے۔ شریعت محمدیہ کا احیاء کرنے والے۔ ان کے ذمہ یہ کام تھا' سپرد تھا' اس منصب کے تحت اللہ تعالیٰ کی وحی ہوئی۔ لوگوں پر شریعت محمدیہ کی جو روشن تعلیمات تھیں' ان کو کھول کر بیان کرے اور نئے زمانہ کے نئے مسائل کو شریعت محمدیہ قرآن کریم کی روشنی میں وحی پا کر ساری دنیا میں ثابت کرے کہ دین اسلام سچا ہے۔ وحی پر آپ کیوں زور دیتے ہیں' وحی تو بزرگوں کو بھی ہوتی ہے۔

(قومی تاریخی دستاویز۔ ص۔ نمبر 137)

اٹارنی جنرل: دین کو قائم کرنا نبی کا دعویٰ کیے بغیر کوئی آدمی کر سکتا ہے؟
مرزا ناصر: کر سکتا ہے۔
اٹارنی جنرل: کر سکتا ہے؟
مرزا ناصر: بالکل کر سکتا ہے' یہی تو میں کہہ رہا ہوں۔

(قومی تاریخی دستاویز۔ ص۔ نمبر 137)

مولوی صاحب نے تبدیلی کر کے کاروائی کو شائع کیا ہے۔

اٹارنی جنرل: اگر شریعت محمدیہ وہی ہے' وہی کام کرنے کے لیے صرف آئے ہیں' جو ایک ولی کی حیثیت سے' محدث کی حیثیت سے' بزرگ کی حیثیت سے اور آپ کے خیال کے مطابق وحی حاصل کرنے کے بعد کر سکتے تھے' تو پھر اس نبوت کا کیا فائدہ تھا۔ اس کا کیا مطلب تھا؟

(قومی تاریخی دستاویز۔ ص۔ نمبر 137)

F.8

مرزا ناصر: اللہ نے آپ کو نبی کہا' ہمارا یہ عقیدہ ہے۔ دیکھئے ناں' اس لیے اس عقیدہ کے بعد ہم کیسے جرات کر سکتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے کیوں ایسا کیا۔ یہ تو اللہ ہی بتا سکتا ہے۔

(قومی تاریخی دستاویز۔ ص۔ نمبر138)

-6-

بزرگ کی حیثیت سے اللہ سے وحی حاصل کرنے کے بعد کر سکتے تھے
تو پھر اس نبوت کا فائدہ کیا تھا' اس کا مطلب کیا تھا۔
(اس مرحلے پر پریزائڈنگ آفیسر (پروفیسر غفور احمد)
کرسی صدارت پر متمکن ہوئے)۔

مرزا ناصر احمد: دیکھئے ناں۔ ہمارا عقیدہ یہ ہے کہ اللہ نے آپ کو
نبی کہا اس لئے اس عقیدے کے بعد ہم کیسے جرأت کر سکتے
ہیں کہ اللہ نے کیوں ایسا کیا' یہ تو اللہ ہی بتا سکتا ہے۔

اٹارنی جنرل: میں اس پر ذرا تھوڑی دیر کے بعد کچھ اور سوال
پوچھوں گا کیونکہ کئی سوال آتے ہیں اور اس سے ہم کسی اور
جگہ میں چلے جاتے ہیں میری کوشش ہے اور آپ کو بھی
تکلیف۔ چند دنوں سے چل رہی ہے کچھ سوال آتے ہیں'
اسکی طرف ہم بعد میں آئیں گے کہ جو مہدی نے آنا تھا یا
مسیح نے آنا تھا اس کے اوپر احادیث میں آیا ہے کہ
حضرت مریم کے بیٹے ہوں گے دمشق میں آئیں گے یہ چیزیں
جو ہیں اس سٹیج پر میں نہیں چاہتا کیونکہ مجھے معلوم ہے
آپ کے بھی اپنے جواب ہیں' بہرحال میں ریکارڈ
کے لئے یہ چیزیں کر رہا ہوں تاکہ کوئی غلطی نہ ہو'
Clarification کی ضرورت ہوگی اس لئے میں بعد میں یہ سارے
سوالات پھر پوچھوں گا۔

(کاروائی 1974/8/9 ص40)

F.8

بائیں طرف کاروائی اَصل کاروائی میں درج نہیں۔ مولوی صاحب نے اضافہ کیا ہے۔

اس کے بعد اٹارنی جنرل نے تو سوالات کا رخ بدل لیا مگر شائع شدہ کاروائی میں مولوی اللہ وسایا نے مناسب سمجھا کہ کچھ اضافہ کر دیا جائے تا کہ لوگوں کو دھوکہ دیا جاسکے مندرجہ ذیل گفتگو کو کاروائی کا حصہ ظاہر کیا گیا حالانکہ دوران کاروائی ایسی کوئی بات نہیں ہوئی

اٹارنی جنرل: بہت اچھا' آپ نے کہا کہ بزرگوں کو وحی ہوتی ہے' تو کیا بزرگوں کی وحی میں خطا ہو سکتی ہے؟

مرزا ناصر: ہو سکتی ہے۔

اٹارنی جنرل: نبی کی وحی اور بزرگوں کی ایک جیسی نہ ہوئی۔ مرزا صاحب کی وحی نبیوں جیسی خطاؤں سے پاک اور اللہ تعالیٰ کا کلام قرآن' تورات' انجیل کی طرح۔ ("نزول المسیح" ص 99' مندرجہ "روحانی خزائن" ص 477' ج 18) یہی ہے ناں۔ عبارت' ہاں یا ناں میں جواب دیں۔

مرزا ناصر: عبارت میں کہاں ہے۔

اٹارنی جنرل: جس کی طرف میرا اشارہ ہے' وہ آپ سمجھ نہیں رہے' پڑھ دوں۔

مرزا ناصر: ہاں عبارت یہی ہے۔ بالکل میں سمجھ گیا۔ آپ وہ دوسری کتاب' جی بالکل' پڑھنے کی ضرورت نہیں۔

(قومی تاریخی دستاویز۔ ص۔ نمبر 138)

F.8

مرزا ناصر احمد: یہ نوٹ کر لیجئے۔ یہ بتانا ہے۔

اٹارنی جنرل: مرزا صاحب، ایک اور مضمون تھا جس کے متعلق میں نے کچھ سوالات پوچھے تھے اور میں نے عرض کیا تھا کہ میری سمجھ کے مطابق جو میں نے آپ کا لٹریچر تھوڑا بہت پڑھا یا جو مجھے سوالات دیئے اسمبلی کے ممبران نے پوچھنے کے لئے ان سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ۔۔۔۔

(سرگوشیاں)

Attorney-General: Mr. Chairman, I request the members to pay attention to my questions and the discussion. I will wait till they conclude their discussion. Then I will proceed.

Mr. Chairman: The House is called to order please.

اٹارنی جنرل: آپ کی جماعت نے ہمیشہ Separatist tendency adopt کی، ایک علیحدگی کا رجحان رہا، آپ اپنے آپ کو مسلمانوں سے مختلف سمجھتے رہے ہیں، علیحدہ ایک امت خیال کرتے رہے ہیں، اس پر آپ کچھ وضاحت کر چکے ہیں۔ میں یہ اس لئے کہہ رہا ہوں تاکہ بات واضح رہے کہ میں کن سوالات کے بارے میں آپ سے پوچھ رہا ہوں۔

(کاروائی 9/8/1974 ص 41)

مولوی صاحب نے دائیں طرف درج کاروائی اپنی کاروائی میں درج نہیں کی۔

F.8

دونوں کاروائیوں میں فرق ہے۔

اٹارنی جنرل: میں اس مرحلہ پر پھر ایک اور پہلے والے سوال کی طرف آؤں گا کہ آپ اپنے کو مسلمانوں سے علیحدہ سمجھتے تھے، علیحدگی کا رجحان تھا۔ مرزا محمود کہتے ہیں "لوگ گھبراتے ہیں کہ ان کی مخالفت کیوں کی جاتی ہے۔ لوگ چڑتے ہیں، ان کی عداوت کیوں کی جاتی ہے۔ انہیں دکھ کیوں دیا جاتا ہے،' اگر دکھ دینے کی یہی وجہ ہے کہ وہ ہمارا شکار ہیں' تو پھر ہمیں گھبرانا نہیں چاہیے اور نہ کسی قسم کا فکر کرنا چاہیے بلکہ ہمیں خوش ہونا چاہیے کہ دشمن (غیر احمدی مسلمان) یہ محسوس کرتے ہیں کہ ہم میں کوئی نئی حرکت پیدا ہوئی' تو ہم اس کے مذہب کو کھا جائیں گے"۔ دشمن سے ان کی مراد کیا تھی۔ کیا وہ اس سے اپنے آپ کو مسلمانوں سے علیحدہ نہیں قرار دے رہے؟

(قومی تاریخی دستاویز۔ ص۔ نمبر 138)

42

مرزا ناصر احمد: جی، جی۔

اٹارنی جنرل: ۔۔۔ اور آپ کی کوشش رہی ہے کہ آپ Separate سمجھا جائے۔ آپ Separate ہیں۔ اس ضمن میں ایک دو حوالے ہیں جن کی طرف آپ کی توجہ میں دلانا چاہتا ہوں۔ ایک یہ جی الفضل ۱۶ جولائی ۱۹۲۹ء اور جو انفارمیشن مجھے دی گئی ہے جو غلط ہو سکتی ہے، اس کے مطابق آپ کے خلیفہ ثانی مرزا بشیر الدین محمود صاحب سے منسوب کی گئی ہے کہ وہ [illegible] یہ فرماتے ہیں جو الفضل میں شائع ہوا جس کی تاریخ میں نے ۱۶ جولائی بتائی ہے۔ لوگ اور یہاں سرٹیفکیٹ میں احمدی لکھا ہوا ہے، وہاں [illegible] سکتا۔

مرزا ناصر احمد: ہاں، ہاں۔ دیکھ لیں گے۔

اٹارنی جنرل: لوگ گھبراتے ہیں کہ ان کی مخالفت کیوں کی جاتی ہے، لوگ چڑتے ہیں، ان کی عداوت کیوں کی جاتی ہے، انہیں دکھ کیوں دیا جاتا ہے لیکن اگر دکھ دینے کی یہی وجہ ہے کہ وہ ہمارا شکار ہیں تو پھر ہمیں گھبرانا نہیں چاہیے اور نہ کسی قسم کی فکر کرنا چاہیے بلکہ ہمیں خوش ہونا چاہیے کہ دشمن، یہاں سرٹیفکیٹ میں غیر احمدی مسلمان لکھا [illegible] لئے لکھا گیا ہے، وہاں ہوگا نہیں یہ مجھے سمجھانا [illegible]

مرزا ناصر احمد: جی، جی ۔۔۔

(کاروائی 1974/8/9 ص 42)

F.8

پیش کردہ حوالے کے بارے میں اٹارنی جنرل صاحب خود بھی غیر یقینی کیفیت میں مبتلا ہیں۔ حوالہ جات میں بریکٹ لگا کر اضافہ کیا گیا ہے اٹارنی جنرل صاحب خود معترف ہیں کہ پتہ نہیں اصل میں ہیں یا نہیں۔ حضرت صاحب نے فرمایا کہ چیک کر کے بتا دیں گے۔ یہ اور رنگ میں بات ہوئی مگر شائع شدہ کاروائی میں اسے اور رنگ میں پیش کیا گیا ہے۔

مرزا ناصر: ہاں' ہاں' یہ چیک کر کے۔ جب شام چھ بجے ملیں گے تو پھر اس پر میں روشنی ڈالوں گا۔

(قومی تاریخی دستاویز۔ ص۔ نمبر 139)

(43/1) اٹارنی جنرل: کہہ رہا ہوں دشمن لکھا ہوا ہے کہ دشمن یہ محسوس کرتے ہیں کہ اگر ہم میں کوئی نئی تحریک پیدا ہوئی تو ہم اکٹھے مذہب کو کھا جائیں گے (مرزا ناصر احمد صاحب نے کہ) دشمن سے ان کی کیا مراد تھی؟ ہمیں نے کہا ہے کہ بریکٹ میں ہے

مرزا ناصر احمد: ہاں جی - - -

اٹارنی جنرل: اور ان کے مذہب کو - - -

مرزا ناصر احمد: مذہب سے کیا مراد ہے ....

اٹارنی جنرل: کیوں وہ گھوڑے اور ڈانٹے اور چڑھتے ہیں۔ دکھ دیتے ہیں۔ دو سکشن different camps ظاہر کر رہے ہیں۔ دشمن تھے separate ظاہر کر رہے ہیں

ان پر آپ کو - - -

مرزا ناصر احمد: یہ چیک کر کے contact میں دیکھ کر تو پھر پتہ لگے گا کہ پر اس طرح کیوں آئی یہ شکل جس طرح وہابیوں کا اہل حدیث کے ساتھ بھی جھگڑا رہا یا بریلویوں کا رہا ہے سلف فرقوں کا رہا ہے - اسی قسم کا جھگڑا یہاں کیوں پیدا ہو گیا

اٹارنی جنرل: اور میرے دماغ میں جو اس کا اثر پڑا ہے - اس کی classification ظاہر ہوتی ہے کہ یہ tendency یہ ظاہر کر رہے ہیں۔

مرزا ناصر احمد: اچھا ٹھیک ہے میں چیک کر دوں گا - -

اٹارنی جنرل: - - - کہ آپ مسلمانوں سے مختلف ہیں اور ان کو دشمن سمجھتے ہیں

مرزا ناصر احمد: ہم جب شام چھ بجے ملیں گے تو پھر میں اس کے اوپر روشنی ڈالوں گا -

اٹارنی جنرل: اس کے ساتھ میں کہہ دوں یہ بھی بتانا ہے وہ بھی آپ دیکھ سکتے ہیں

پرچہ الفضل تین جولائی ۱۹۵۲ء - - -

مرزا ناصر احمد: تین جولائی یا تیس جولائی - - -

اٹارنی جنرل: تین جولائی ہے ہم نے تو الفضل کا پرچہ آپ سے منگوایا تھا مگر شاید آپ ہمیں بھجوا نہیں سکے -

مرزا ناصر احمد: یہاں پہنچا نہیں سکے

اٹارنی جنرل: [illegible] الفضل تھا اس [illegible] - - -

(کاروائی 9/8/1974 ص 43)

F.8

مرزا ناصر احمد: اگر اجازت دیں تو میں دو نوٹ دینا چاہتا ہوں۔ کیونکہ بعض دوستوں کو بھی معلوم ہو جائے۔ ہماری اپنی بڑی لائبریری تھی۔ اگر وہ لاتے تو پوری لاری بھر لانا پڑتا اور وہ لائبریری ہم نے بڑی محنت سے تیار کی تھی اور 1947ء میں ہم اس کا ایک حصہ بھی یہاں نہیں لا سکے۔ اس دشمن نے یہ ظلم کیا اور ہمیں نہ لانے دیا۔ وہ ریکارڈ جو تھا، اس میں بڑا قیمتی مواد تھا اور ہمیں وہ ساری لائبریری وہاں ہی چھوڑنی پڑی۔ یہاں اس کا ایک حصہ آیا ہوگا۔ اس کو لانے کی ہم نے بہت کوشش کی لیکن نہ لا سکے۔

اٹارنی جنرل: میں ایک نکتۂ نظر سے کہہ رہا تھا کہ یہ دیکھیں ایک اخبار چھپے اس کا بیس سال کا ریکارڈ ہے جب کہ کم از کم ایک مہینہ نہ ملے تو اس کو لانا بڑا مشکل ہے۔ اور اس کے لئے ایک لاری لانی پڑتی۔

مرزا ناصر احمد: وہ چیک کریں گے۔

اٹارنی جنرل: چیک کریں۔

مرزا ناصر احمد: تین جولائی 1952ء چیک کریں گے۔

اٹارنی جنرل: وہ خاص حوالہ ہے۔ اس کی طرف توجہ دلانا چاہتا ہوں۔ وہ میں آپ کو سنا دیتا ہوں۔ "ہم فتح یاب ہوں گے ضرور۔ تم مجرموں کی طرح ہمارے سامنے پیش ہو گے اور اس وقت تمہارا حشر وہی ہوگا جو فتح مکہ پر ابوجہل اور اس کی پارٹی کا ہوا"۔ مرزا صاحب میں آپ سے یہ گزارش کرتا ہوں کہ فتح مکہ کا کیا مطلب ہے۔ مجرموں سے کیا مراد ہے۔ اشارہ کن لوگوں کی طرف ہے کہ تمہارا حشر وہی ہوگا جو مکہ کے دن ابوجہل اور اس کی پارٹی کا ہوا

مرزا ناصر احمد: ہاں یہ دیکھ لیں گے

اٹارنی جنرل: پھر ایک ہے الفضل 16 جنوری 1952ء۔ اس میں سے ایک اور اقتباس پڑھتا ہوں۔ فرمایا ہے کہ 1952ء گزرنے دیجئے جب تک کہ احمدیت کا رعب دشمن اس رنگ میں محسوس نہ کرے کہ اب احمدیت کو مٹایا نہیں جا سکتا۔ وہ مجبور ہو کر احمدیت کی آغوش میں آ گرے۔
[illegible] ممکن ہے کہ اس میں کوئی غلطی ہے یہ جو ہے کہ دشمن پھر احمدیت کی آغوش

(کاروائی 1974/8/9 ص44) جاری

اٹارنی جنرل: اس کے ساتھ 3 جولائی 52ء کا "الفضل" پرچہ آپ سے منگوایا تھا۔ مگر شاید آپ ہمیں پہنچا نہیں سکے۔ اس میں خاص حوالہ ہے "ہم فتح یاب ہوں گے۔ ضرور تم مجرموں کی طرح ہمارے سامنے پیش ہوگے اور اس وقت تمہارا حشر وہی ہوگا جو فتح مکہ پر ابوجہل اور اس کی پارٹی کا ہوا"۔ مرزا صاحب، میں گزارش کرتا ہوں کہ فتح مکہ کا کیا مطلب ہے۔ مجرموں سے کیا مراد ہے۔ اشارہ کن لوگوں کی طرف ہے کہ تمہارا حشر وہی ہوگا جو مکہ کے دن ابوجہل اور اس کی پارٹی کا ہوا؟

مرزا ناصر: ہاں، دیکھ لیں گے۔

(قومی تاریخی دستاویز۔ ص۔ نمبر 139)

اٹارنی جنرل: پھر ایک "الفضل" 16 جنوری 1952ء کا ہے۔ اس میں ایک اور اقتباس پڑھتا ہوں۔ فرمایا ہے کہ "1952ء نہ گزرنے دیجئے جب تک کہ احمدیت کا رعب دشمن اس رنگ میں محسوس نہ کرے کہ اب احمدیت کو مٹایا نہیں جا سکتا۔ وہ مجبور ہو کر احمدیت کی آغوش میں آگرے"۔ احمدیت کا رعب، دشمن کون ہے اور یہ رعب ڈالنا کیسا ہے؟

مرزا ناصر: ہاں چیک کریں گے، متن میں دیکھ لیں گے۔

(قومی تاریخی دستاویز۔ ص۔ نمبر 139)

F.8

میں آ گرے گا اور احمدیت کا رعب۔ یہ دشمن کون ہے۔ اور یہ رعب ڈالا گیا ہے

مرزا ناصر احمد: میں Context میں پتہ لگ جائے گا۔ 45

اٹارنی جنرل: پھر وہ فرماتے ہیں۔ میں اقتباس پڑھ دیتا ہوں۔ میں یہیں کہتا میں یہاں آپ حوالہ دیتا ہوں۔ الفضل پندرہ جولائی 1952ء کا ہے۔
ہاں اب آخری وقت آ پہنچا ہے۔ اب تمام علما کے حقوق کے خون کا بدلا لیں گے جن کو شروع سے لیکر آج تک یہ خونی ملا ہے۔ پھر عطا اللہ شاہ بخاری۔ مولانا مودودی۔ مولانا احتشام الحق۔ یہ بریکٹ میں ہے۔ اب وہاں ہے۔

مرزا ناصر احمد: میں دیکھ لوں گا۔

اٹارنی جنرل: اور مفتی شفیع قتل کرانے آئے۔ ان سب کے خون کا بدلا لیا جائے گا۔ بہرحال اس پر توجہ دیں کہ خونی ملا کون تھا۔ اور کیا انہوں نے کیا میں چاہتا ہوں کہ اس پر آپ توجہ دیں اور پھر شام کو یہ جو تین چار حوالے سامنے ہیں ۔۔۔۔

مرزا ناصر احمد: یہ جو چار حوالے ہیں شام کو ان کا جواب دوں گا۔

اٹارنی جنرل: اس دن میں نے جواب دیا تھا اس کو میں پھر ذرا دہرا دیتا ہوں تاکہ یاد میں رہے۔

مرزا ناصر احمد: اس کو دیکھ لیا ہے۔ اب ضرورت نہیں ہے

اٹارنی جنرل: میں پھر دوہرا دیتا ہوں یہ حوالہ ~~ہے~~ تیرا نمبر 1946ء کا جس کا ذکر impact میں تھا جو میں نے آپ کو دیا ہے۔

مرزا ناصر احمد: وہ حوالہ الفضل کا ہے ۔۔۔

اٹارنی جنرل: الفضل 13 نومبر 1946ء ہے ۔۔۔

مرزا ناصر احمد: ہاں یہ بھی شام کو ہو جائے گا۔

اٹارنی جنرل: کہ میں نے اپنے نمائندے کی معرفت ہر بڑے ذمہ دار انگریز افسر کو کہلوا بھیجا ہے کہ پارسیوں کی طرح ہمارے حقوق بھی تسلیم کئے جائیں جس پر اس افسر نے کہا کہ وہ تو اس وقت اقلیت ہیں تم ایک مذہبی فرقہ ہو اس پر میں نے کہا کہ پارسی اور عیسائی بھی مذہبی فرقے ہیں جس طرح ان کے ... اسی طرح ہمارے بھی تسلیم کئے جائیں

158

(کاروائی 1974/8/9 ص 45)

اٹارنی جنرل: 15 جولائی 1952ء خونی ملا کے آخری دن۔ ان کے خون کا بدلہ لیں گے، جن کو شروع سے لے کر آج تک خونی ملا قتل کراتے آئے ہیں۔ بدلہ لیا جائے گا مولانا ابوالحسنات، سید عطاء اللہ شاہ بخاری، مولانا مفتی محمد شفیع، مولانا احتشام الحق اور پانچویں شاہ سوار مولانا مودودی سے۔

مرزا ناصر: میں دیکھ لوں گا۔ خونی ملا، بدلہ، یہ کیا ہے۔

(قومی تاریخی دستاویز۔ ص۔ نمبر 139)

یہاں پر بھی یہی ہوا ہے بریکٹ میں مولوی حضرات کے نام لکھ دیے گئے۔ حضرت صاحب نے فرمایا کہ اصل حوالے چیک کر لیے جائیں گے۔

پھر (خونی ملا، بدلہ، یہ کیا ہے) یہ الفاظ حضرت صاحب کے نہیں ہیں۔

اٹارنی جنرل: 13 نومبر 1946ء کا "الفضل" کہ ایک پارسی کے مقابلہ میں دو احمدی پیش کرتا جاؤں گا۔ عیسائیوں اور پارسیوں کے مذہبی فرقوں کی طرح احمدیوں کے علیحدہ حقوق والی بات۔

مرزا ناصر: "الفضل" کا حوالہ ہے، شام کو ہو جائے گا۔

(قومی تاریخی دستاویز۔ ص۔ نمبر 139)

F.8

تم ایک پارسی پیش کر دو اور اس کے مقابلے میں میں دو دو احمدی پیش کرتا جاؤنگا۔

مرزا ناصر احمد ۔ ہاں ہاں شام کو انشاءاللہ ۔ لیکن یہاں میں نے پہلے مختصراً جواب دیا تھا لیکن یہ تفصیل مانگتے ہیں تو پھر تفصیل سے بتاؤنگا۔

اٹارنی جنرل ۔ مرزا صاحب آپ کے عقیدے یا نقطۂ نظر کے مطابق انگریز کی اطاعت بھی اسلام کا حصہ ہے ۔ انگریز سے میری مراد ہے برٹش گورنمنٹ کیونکہ اس پر بہت سے ممبران صاحبان نے سوال پوچھے ہیں۔

مرزا ناصر احمد ۔ ہم سے پہلوں نے اور ہم نے اسلام سے جو تعلیم سمجھی ہے وہ یہ ہے کہ اگر غیر مسلم حکومت مذہب میں دخل نہ دے اور عبادت کرنے کی اجازت ہو اور جو انسان کے حقوق ہیں وہ ادا کر رہا ہے ۔ تو ہم سے پہلوں نے بھی اور ہم نے بھی یہ عقیدہ رکھا ہے کہ ان کے خلاف بغاوت جو ہے وہ درست نہیں ہے۔

اٹارنی جنرل ۔ آپ جو کہتے ہیں کہ مذہب یا دین میں دخل نہ دے ۔ یہ پہلے آپ نے بات کی ہے دوسری آپ نے پھر حقوق کی بات کی ہے آپ ذرا اس کو تفصیل سے فرمائیں گے کہ دخل نہ دینے کا کیا مطلب ہے۔ نماز پڑھنے اور روزہ رکھنے کی اجازت ہو۔

Mirxa Nasir Ahmad: This is photostat copy of paper DAWN dated 8th October, 1973.

QUAID-I-AZAM MOHAMMAD ALI JINNAH - AHMADIYA COMMUNITY TO SUPPORT MUSLIM LEAGUE. QADIAN LEADERS GUIDANCE

Mr. M.A. Jinnah has released the following correspondence to the Press:

Letter from the Nazim-i-Umoor-e-Amma of the Ahmadiya Movement, Qadiayan, addressed to Mr. Jinnah

Dear Sir:

I beg to enclose herewith a copy of the letter from Mohammad Sarwar Dani of village Margzar, State Raipur, addressed to Hazrat Amirul Mominin Khalifatul Masih, second head of the Ahmadiya community,

(کاروائی 9/8/1974ص46)

حقوق کے حوالہ سے پیش کردہ حوالے میں اور بات بیان ہوئی مگر کاروائی میں اسے اور رنگ میں پیش کیا گیا ہے۔ سیاق وسباق سامنے نہ ہونے کی وجہ سے حضرت صاحب نے شام کو تفصیلی جواب دینے کا فرمایا۔

اٹارنی جنرل: مرزا صاحب، آپ کے عقیدہ کے مطابق انگریز کی اطاعت بھی اسلام کا حصہ ہے۔ انگریز سے میری مراد برٹش گورنمنٹ ہے؟

مرزا ناصر: اگر غیر مسلم حکومت مذہب میں دخل نہ دے تو بغاوت اس کے خلاف درست نہیں۔

اٹارنی جنرل: مذہب میں دخل نہ دے یعنی نماز، روزہ کی اجازت ہو؟

مرزا ناصر: جی، بالکل۔

(قومی تاریخی دستاویز۔ ص۔ نمبر140)

F.8

مرزا ناصر احمد ـ تمام وہ فرائض احکام جو میں نے ایک ضمناً میں بتایا تھا کہ بعض احکام
اسلام کے ایسے ہیں کہ ایسا ضرور کرنا ہے بعض احکام ایسے ہیں کہ ایسا جائز ہے یعنی

تو وہ حکم جو اسلام حکم ہے کہ ایسا ضرور کرنا ہے ان احکام میں دخل اندازی نہیں دیتے اور حکم
کے خلاف بغاوت ہمارے عقیدہ کے مطابق جائز نہیں جو ہم سے پہلے کی گئی ہے ـ

اٹارنی جنرل ـ میں آپ کے عقیدے کے متعلق پوچھ رہا ہوں ـ

مرزا ناصر احمد ـ نہیں وہ اپنے تسلسل ------

اٹارنی جنرل ـ آپ کے عقیدہ کے مطابق ایک مسلمان کا غلام ہونیکا تصور موجود ہے اور
غلام بھی ہو اور مسلمان بھی ہو ؟

مرزا ناصر احمد ـ ہمارے نزدیک، غلام مختلف معنوں میں استعمال ہوتا ہے تو کس معنی کے
متعلق آپ پوچھ رہے ہیں ؟

اٹارنی جنرل ـ یہ کہ حکومت اقتدار وہاں کسی غیر مسلم کا ہو میں سیاسی پہلو کی بات
کر رہا ہوں ـ

مرزا ناصر احمد ـ غلام کے معنے ہیں شہرت اختیار کرنا ـ

(کاروائی 1974/8/9 ص 47)

ایک تفصیلی بیان میں سے ایک حصہ لے کر اور رنگ دیا گیا ہے

اٹارنی جنرل: آپ کے عقیدہ میں مسلمانوں کو وہ غلام بنا لے اور نماز کی، روزہ کی اجازت دے دے، تب بھی ان کی اطاعت اسلام کا حصہ ہے؟
مرزا ناصر: غلام کا معنی شہرت اختیار کرنا۔

(قومی تاریخی دستاویز۔ ص۔ نمبر 140)

F.8

اٹارنی جنرل: شہرت اختیار کرنا نہیں بلکہ آپ جس ملک میں رہ رہے ہیں، پیدا ہوئے، وہاں پر باہر سے کوئی فاتح آئے، ملک پر قبضہ کرے اور وہ لوگ غیر اسلامی ہوں، حکومت کریں، تو ان کے خلاف آزادی حاصل کرنے کے لیے اگر کوئی جدوجہد کرے تو وہ بغاوت ہوگی؟

مرزا ناصر: قانون کے اندر رہ کر جدوجہد کریں تو بغاوت نہیں ہوگی۔ اگر وہ فتنہ پیدا کریں، خون خرابہ ہو تو وہ کام نہیں کرنا چاہیے۔

(قومی تاریخی دستاویز۔ ص۔ نمبر140)

اٹارنی جنرل: اچھا، شہریت کا اختیار کرنا اور اختیار کرنا نہیں لیکن آپ جس ملک میں رہتے ہیں جہاں آپ پیدا ہوئے ہیں، وہاں سے باہر سے کوئی فاتح آئے، ملک پر قبضہ کرے اور لوگ غیر اسلامی ہوں، حکومت کریں اس پر،

مرزا ناصر احمد: حکومت کر رہے ہوں ڈیڑھ سو سال یا [illegible] سال سے۔

اٹارنی جنرل: تو اس حکومت کے خلاف آزادی حاصل کرنے کے لئے اگر کوئی [illegible] کرے تو وہ بغاوت شمار ہوگی؟

مرزا ناصر احمد: میں سمجھ گیا ہوں سوال۔ اگر وہ قانون کے اندر رہ کر [illegible]

[illegible]

161

(کاروائی1974/8/9ص48)

F.9

الیکشن میں جماعت نے مسلم لیگ کو سپورٹ کیا اور امام جماعت احمدیہ کی طرف سے واضح حکم تھا کہ مسلم لیگ کی ہر قسم کی مدد کی جائے تاکہ مسلمانوں میں اتحاد نظر آئے۔

مولوی اللہ وسایا صاحب نے اپنی کاروائی میں اس حصہ کا ذکر تک نہیں کیا۔ بلکہ ایسی بات لکھ دی جس کا کاروائی میں کوئی ذکر نہیں تھا۔

اٹارنی جنرل: پھر وہ گورداسپور' باؤنڈری کمیشن' کشمیر کا تصفیہ' دو پارٹی ایک احمدی' کئی قضیئے آ جائیں گے۔ آپ اپنی بات کو میرے سوال تک محدود رکھیں ورنہ تو آپ کا اکھنڈ بھارت کا عقیدہ' کئی تنازعات ہیں۔

(تاریخی قومی دستاویز۔ صفحہ نمبر 141)

اصل کاروائی میں مندرجہ بالا عبارت نہیں ہے

to Separate Muslim League Qadiyani Leaders.

Mirza Nasir Ahmad: This is photostat copy of Paper DAWN dated 8

October, 1943.

QUAID-I-AZAM MOHAMMAD ALI JINNAH- AHMADIYA COMMUNIT

TO SUPPORT MUSLIM LEAGUE. QADIAN LEADERS GUIDANCE.

Mr. M.A. Jinnah has released the following correspondence to the Press:

Letter from the Nazim-i-Umoor-e-Amma of the Ahmadiya Movement, Qadiayan, addressed to Mr. Jinnah

Dear Sir;

I beg to enclose herewith a copy of the letterfrom Mohammad Sarwar Dani of Village Margzar, Sate Raipur, addre to Hazrat Amirul Mominin Khalifatul Masih, second Head of t Ahmediya community,

(کاروائی 1974/8/9 ص 54)

F.9

اس خط کا مولوی صاحب کی کاروائی میں کوئی ذکر نہیں	.... and the reply thereto for your kind porsual. Yours faithfully. This is the text of the letter from Mohammad Sarwar referred to above. ژہ Text آ گیا ہے۔ " We have the honour to make a request - on the light of the query- we are few Ahmadias here in this twon and in the present electioning compaign we have been approached both by the league and the Congress for contributions and assistance to the respective parties and candidates. Kindly guide us whom we should support" Reply from the head of Ahmadia community: "You ought to support the Muslim league in the present election and offer them whatever means of cooperation and assistance you can possibly afford. Muslims do require a united front in the present crisis. Their differences, if allowed to exist, willaffect them adversely for hundred years to come." (کاروائی 1974/8/9 ص 55)

F.9

اٹارنی جنرل: یہ جو میں دوسری عرض کر رہا تھا۔

Mr. Chairman: The question of the Attorney-General has not been answered.

Attorney-General: That relates to a different subject.

Mr. Chairman: It has not been answered as yet.

Attorney-General: I am repeating that.

If the constitutional struggle becames impossible and the Muslims think that they cannot achieve their independence in the country and they adopt method other than constitutional in order to obtain independe

مرزا ناصر احمد: یعنی قانون شکنی کرتے ہیں۔ جانیں لیتے ہیں۔ لوٹتے ہیں۔

اٹارنی جنرل: جانیں لینے کا میں نے نہیں کہا۔ آپ کو میں مثال دیتا ہوں۔ وہ کہتے ہیں دفعہ ۱۴۴ لگ گیا ہے۔ آپ جلوس نہ نکالیں۔ لیکن وہ کہتے ہیں کہ ہم جلوس نکالیں گے۔ اس کو توڑیں گے unconstitutional طریقہ ہے انہوں نے توڑی۔ گورنمنٹ نے کہا آپ نہیں جائیں گے۔ گورنمنٹ نے قانون [illegible] کہا کہ ہم جلوس نہیں نکالنے دیں گے۔ انہوں نے جلوس نکالا۔ لوگ زخمی ہو گئے۔ گولی چلی لاٹھی چارج ہو گیا۔ اس طرح یہ جیسے چلتے چلتے اس پوزیشن پر پہنچ جاتی ہے کہ گورنمنٹ مشینری بے بس ہو جاتی ہے۔

مرزا ناصر احمد: گورنمنٹ مشینری؟

اٹارنی جنرل: بے بس۔ Paralyse ہو جاتی ہے۔

(کاروائی 1974/8/9 ص56)

مسٹر چیئرمین: اٹارنی جنرل کے سوال کا جواب نہیں دیا گیا۔

اٹارنی جنرل: میں سوال دہراتا ہوں کہ اگر آئینی کوشش ناممکن ہو، مسلمان یہ سمجھیں کہ وہ آئینی ذرائع کے علاوہ دوسرے ذرائع اختیار کیے بغیر اپنے ملک میں آزادی حاصل نہیں کر سکتے۔

مرزا ناصر: قانون شکنی کرتے ہیں، جانیں لیتے ہیں، لوٹتے ہیں۔

اٹارنی جنرل: جانیں لینے کا میں نے نہیں کہا۔ مثلاً دفعہ 144 لگ گیا، انہوں نے خلاف ورزی کی، لوگوں نے جلوس نکالا، لاٹھی چارج ہوا، اس پوزیشن پر مقصود حکومت کی مشینری کو مفلوج کرنا ہوتا ہے۔

مرزا ناصر: حکومت مفلوج، آئینی طور پر میں ان کو قصوروار نہیں ٹھہراؤں گا۔

اٹارنی جنرل: ان بدیشی حکمرانوں کے خلاف جدوجہد کی اجازت ہے شرعاً یا ان کی اطاعت فرض ہے۔

مرزا ناصر: میرا دماغ کہتا ہے کہ ان کو آئین کے ذریعہ ــــــ

اٹارنی جنرل: کیا میں یہ سمجھوں کہ آپ اس کا جواب نہیں دے رہے۔

مسٹر چیئرمین: آگے چلیں۔

(تاریخی قومی دستاویز صفحہ نمبر 141)

F.9

[illegible]

مرزا ناصر احمد: میں سمجھ گیا۔

(کاروائی 1974/8/9 ص57) جاری

اٹارنی جنرل کے سوال کا حضرت صاحب نے جامع اور مسکت تفصیلی جواب دیا۔ جو کئی صفحات پر مشتمل ہے۔ مگر
مولوی اللہ وسایا صاحب نے نہ صرف یہ سارا حصہ حذف کر دیا بلکہ اپنی طرف سے فقرات شامل کر کے تحریف کا ثبوت دیا ہے۔
اَصل کاروائی دائیں طرف درج ہے ملاحظہ فرمائیں۔

F.9

constitutional struggle ہے to regain ones independence

[illegible]

when the Government is paralized, there is no law to obey

and when anarchy takes the place of legal government, the question of breaking the law does not arise for ones struggle-struggle for ones revival.

Attorney-General: I said deliberately government machinery gets paralized.

Mirza Naser Ahmad: Deliberately.

Attorney-General: They deliberately create a situation that the Government become paralized.

مرزا ناصر احمد: [illegible]

under the constitutional right in any sense

[illegible] struggle

[illegible]

Attorney General: No.

Mirza Naser Ahmad: Constitutionally I would [illegible]

(کاروائی 1974/8/9 ص 58,57) جاری

مولوی صاحب نے اس کاروائی کو درج ہی نہیں کیا۔

مولوی صاحب نے اس کاروائی کو درج ہی نہیں کیا۔

F.9

رضا ربی جنرل: میں یہ نہیں کہوں گا۔ میں یہ عرض کروں گا کہ ان کے ذہنوں
strategy
میں یہ بات CLEAR ہے کہ Constitutional/ جدوجہد کی۔ اب ہمیں
قانون شکنی کرنی پڑے گی۔ اپنے آپکو جیسا کہ کہتے ہیں گرفتاریوں
کیلئے پیش کریں گے۔ میں اسی کی بات کر رہا ہوں۔ جو Deliberately
قانون توڑیں گے خواہ چھوٹا قانون ہو۔ وہ کہتے ہیں جلسے مت
کرو۔ یہ کہتے ہیں ہم کریں گے۔ دفعہ 144 لگی ہے تو توڑیں گے۔
Attention Draw کرکے لوگوں کی کوشش کرکے اس طرح سے Deliberately
کرکے لوگوں کی unity بڑھا کر جیسے کہتے ہیں قربانیاں کرکے
بعض لوگ جیلوں میں گئے۔ یہ ضروری نہیں کہ جیلوں میں جائیں
بہرحال یہ جو سمجھتے ہیں کہ حکومت ہم پر ٹھونسی گئی ہے وہ ہماری
حکومت نہیں ہے۔ آزادی حاصل کرنی ہے۔ اگر قانونی جدوجہد
سے ہو تو بہتر ہے اگر نہ ہو سکے تو ہم غیر قانونی جدوجہد کریں گے
اور اس حکومت کو Paralyse کرکے بے بس کرکے مجبور کریگا
کہ یا تو ہمیں سارا اقتدار دے یا چلی جائے۔ جائیں
ہم۔ میں اس SITUATION کا کہہ رہا ہوں جس کو آپ
سلطان کہتے ہیں۔ کوئی اس کو اپنی غیرت سمجھتا ہے کہ
میں آزاد ہوں
I do not want any body to rule politically
I do not want any body to give me orders.
اب آپ نے دیکھی ایک چھوٹی سی بات ایوب خان کے

(کاروائی 1974/8/9 ص58) جاری

مولوی صاحب نے اس کاروائی کو درج ہی نہیں کیا۔

مولوی صاحب نے اس کاروائی کو درج ہی نہیں کیا۔

F.9

میں سے ایک مسلمان تھا، پاکستانی تھا۔ انہوں نے مسلمانوں کو
ایک آئین دیا جس میں انہوں نے کہا

I, Field Marshall Ayub Khan do hereby give
you a constitution.

اور ہمارے ملک نے کہا یہاں پر اس کا کوئی بزنس نہیں۔

People said that we should like to give
ourselves a constitution.

یہ تو اپنا فرض تھا جو باہر سے White House سے آرڈر
آتے تھے کہ آئندہ آپ کا یہ Constitution ہوگا۔ یہ عزت مند
لوگوں کی عزت گوارا نہیں کرتی تھی۔ میں ان کا ذکر کر رہا ہوں۔
انہوں نے قربانیاں دیں، struggle کی، اپنے نکتۂ نظر سے
یہ سمجھ کر کہ اس حکومت کو ہم نے Paralyse کرنا ہے۔ قانونی
طریقے سے ہو جائے تو ٹھیک ہے ورنہ غیر قانونی طریقہ سے
کریں گے۔ کیا آپ اس غیر قانونی طریقے سے struggle
کو جا کر سمجھتے ہیں یا بغاوت سمجھتے ہیں۔

(کاروائی 9/8/1974 ص59) جاری

مولوی صاحب نے اس کاروائی کو درج ہی نہیں کیا۔

مولوی صاحب نے اس کاروائی کو درج ہی نہیں کیا۔

F.9

مرزا ناصر احمد: کچھ انسان کی اپنی Thinking تو ہے جو وہ جواب میں تو بہرحال آئیگی۔ میں نے جو انگریزوں کی study کی ہے، یہاں کی حکومت کے متعلق، میں اس نتیجہ پر پہنچا ہوں جہاں تک بھی سمجھی ان کے VERSION کے مطابق قانون شکنی نظر آتی ہے، اسکی ابتداء خود قانون بنانے والوں نے قانون شکنی کرکے کی تھی، تو جب حکومت خود اپنے قوانین توڑ دیتی ہے تو دوسرے اپنی آزادی کیلئے جدوجہد کرتے ہیں۔ اس کے ذریعہ الزام نہیں رکھا جا سکتا کہ قانون توڑا (کاروائی 1974/8/9 ص 59) جاری	مولوی صاحب نے اس کاروائی کو درج ہی نہیں کیا۔

F.9

اور اس نے توڑا ہے مثلاً دفعہ ۱۲۴ اے ایک مستقل Supreme
Privilege سمجھا ہے ڈی ایس پی کی۔ ڈی ایس پی جب ہے وہ دفعہ ۱۲۴ اے
جائز بھی لگا سکتا ہے اور ناجائز طور پر بھی لگا سکتا ہے۔ وہ ناجائز
طور پر جانتے بوجھتے ہوئے مجبوراً نہیں لگاتا۔ اوپر سے حکم آگیا ہے تو
لگا سکتا ہے۔ برٹش گورنمنٹ کا حکم آگیا، یا وہ غلط فہمی میں ہے۔
جس وقت، میری سمجھ کے مطابق، اس ساری Struggle میں قانون
شکنی کی پہلی ذمہ داری انگریز نے اپنے سر پر رکھی، اس واسطے
ان کی مخالفت کی جو جدوجہد ہوگی، خواہ کسی کی بھی، کانگریس کی بھی،
مسلم لیگ کی بھی یا مسلمانوں کے کسی گروہ کی بھی، جو میں نے
Study کی ہے، میں اپنی رائے بتا رہا ہوں، میری رائے کے
نزدیک انگریزوں کے خلاف جدوجہد کرنے والے پر قانون شکنی
کا الزام لگایا ہی نہیں جا سکتا، خواہ بظاہر یہ نظر آرہا ہو کہ
قانون شکنی کرنے والے وہ خود تھے جنہوں نے قانون بنایا تھا۔
مثلاً جلیانوالہ باغ ہے۔ انگریز کی حکومت نے وہاں
Slaughtering کی، تو ان کا قانون اجازت نہیں دیتا، مگر
کر دی گئی کہ گولیاں چلیں اور ہم آرام سے بیٹھے رہا کریں کہ
قانون شکنی جائز نہیں تو میرے نزدیک غلط ہے، جب انگریز نے
قانون شکنی کروائی تو ان کے خلاف ہر جدوجہد جائز اور
Constitutional ہے۔

(کاروائی 1974/8/9 ص60) جاری

مولوی صاحب نے اس کاروائی کو درج ہی نہیں کیا۔

مولوی صاحب نے اس کاروائی کو درج ہی نہیں کیا۔

F.9

اٹارنی جنرل: آپ نے میرے لئے ایک دوسرا مسئلہ کھڑا کر دیا۔ آپ کہتے ہیں کہ انگریزوں نے قانون شکنی کی۔ انگریز کہتا ہے کہ ہم نے قانون شکنی کی ہے، لیکن ان کا فیصلہ آپ نہیں کریں گے۔ ہم جو قانون پڑھتے یا تھوڑا بہت سمجھتے ہیں اس کے مطابق عدالت فیصلہ کرے گی۔ آپ کی سمجھ کے مطابق درست ہوگا کہ دفعہ 144 173 (کاروائی 1974/8/9 ص 60) جاری	مولوی صاحب نے اس کاروائی کو درج ہی نہیں کیا۔
غلط لگائی ہے تو اس کے لئے عدالت میں جانا پڑتا ہے۔ وہاں Revision ہے اپیل ہے۔ میں کہتا ہوں کہ وہ طریقہ انہوں نے اختیار نہیں کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہم نہیں مانتے۔ انہوں نے غلطی کی۔ یہ عارضی جبر و جہد تھی۔ 144 کو violate کیا کہ 144 کو violate کیا۔ [illegible] آپ کی بات [illegible] فی صدی درست کہ کسی نے ناجائز طور پر آرڈر لیا مگر ہائی کورٹ کو رٹ کی revision ہے۔ (کاروائی 1974/8/9 ص 61) جاری	مولوی صاحب نے اس کاروائی کو درج ہی نہیں کیا۔

F.9

مرزا ناصر احمد: اگر آپکا سوال ختم ہو جائے تو پھر مجھے بتا دیں۔

انگریز کہتا ہے ـ قانون کہتا ہے۔

اٹارنی جنرل
مرزا ناصر احمد۔ انگریزی حکومت کی ہی مثال لے لی ہے۔ انگریزی
حکومت کہتی ہے کہ ہم نے قانون شکنی نہیں کی اور جو اسکے خلاف
جدوجہد کرنے والے ہیں وہ کہتے ہیں کہ تم نے پہل کی قانون شکنی
ہیں۔ انگریزی حکومت کہتی ہے کہ ہمارا جو کورٹ ہے اسکا
پاس ہے اور وہ جس پر الزام لگاتا ہے ہمارے نزدیک
غلط کہ تم قانون شکنی کر رہے ہو۔ وہ کہتے ہیں کہ تمہارا
ڈی سی تو قانون شکنی کرنے والا ہے اسکے پاس نہیں لے کر جائینگے

مولوی صاحب نے اس کاروائی کو درج ہی نہیں کیا۔

اٹارنی جنرل: نہیں ہائی کورٹ میں revision ہو سکتی ہے۔

مرزا ناصر احمد: ساری حکومت کا تانا بانا خراب ہو چکا تھا۔

اٹارنی جنرل: نہیں وہ تو سب ٹھیک ہے مرزا صاحب! ناجائز
قانون اور بنتے ہیں۔ دنیا ہر ٹھیک معلوم ہوتے ہیں اگر
ان کا استعمال غلط ہوتا ہے، ورنہ یہ اختیار جج ہے انکے بھی
بڑے فائدے تھے اور بڑے لوگوں کو فائدے بھی پہنچے اور
اب بھی بعض لوگ کہتے ہیں کہ ہمارے فیصلے بڑی جلدی

مولوی صاحب نے اس کاروائی کو درج ہی نہیں کیا۔

(کاروائی 1974/8/9 ص 61) جاری

F.9

ہو جاتے ہیں بشرطیکہ ڈی سی ایماندار ہو، بشرطیکہ جرگہ کا ممبر ایماندار ہو۔
جب یہ شرطیں آ جاتی ہیں تو معاملہ ذرا مشکل ہو جاتا ہے، تو بہر حال
انگریز نے ایک سسٹم دیکھا تھا کہ اگر یہ قانون غلط استعمال ہو رہا ہے
اور اگر آپ سمجھتے ہیں کہ یہ غلط ہوا ہے، کسی جگہ غلط
آرڈر پاس کیا ہے، ناجائز آرڈر پاس کیا ہے، قانون کے
مطابق پاس نہیں کیا، عدالت سے فیصلہ کروا سکے گا۔ تم قانون
کو خود اپنے ہاتھوں میں نہیں لو گے۔ میں کہتا ہوں جو لوگ
قانون کو اپنے ہاتھ میں لے لیتے ہیں اور سمجھتے ہیں کہ انگریز
نے تو یہ بات ٹھیک کہی ہے مگر آج دفعہ 144 کا آرڈر ہوتا
ہے کہ کل جلسہ نہیں ہوگا۔ ہم کہتے ہیں کس طرح کوئی کورٹ
پہنچیں اور آرڈر لیں۔ یہ مشکلات آ رہی ہیں تو کہتے ہیں
کہ ہم قانون شکنی کریں گے، قانون اپنے ہاتھ میں لیں گے، جلسہ
ضرور کریں گے، جلوس ضرور نکالیں گے۔ Technically
speaking Sir, they do violate law.

Mirza Nasir Ahmad: In the eyes of a foreign rul

Attorney General: No. That what I say any---

مولوی صاحب نے اس کاروائی کو درج ہی نہیں کیا۔

مولوی صاحب نے اس کاروائی کو درج ہی نہیں کیا۔

(کاروائی 1974/8/9 ص 62) جاری

F.9

مرزا ناصر احمد: اگر ہماری بھی آ سکیں۔۔۔۔

اٹارنی جنرل: میں یہی کہہ رہا ہوں کہ foreign rulers کی اسکے صرف
چیدہ چیدہ ہے اس نے قانون بنایا ہوا ہے - وہ کہتے ہیں ہمارا
قانون یہ ہے کہ اگر ہم غلط فیصلہ دے دیتے ہیں آپ عدالت
میں جا کر اسکو درست کرا لیجیے۔ اگر غلط ہے ٹھیک کرا لیجئے مگر
اسکے خلاف اقدام نہیں کریں گے - میں کہتا ہوں کہ صاحب آپ نے
آرڈر دیا ہے کہ کل جو جلسہ ہو رہا ہے وہ نہیں ہو گا کیونکہ ہم نے
دفعہ 144 لگا دیا ہے - یہ ناجائز ہے - کہتے ہیں revision کرو

175

کس وقت revision کریں گے۔ اس کے لئے تو دو تین دن کی ضرورت ہے۔ اگر
دو تین دن کی ضرورت ہے تو اس کے سب انتظامات cancel کرنے
پڑیں گے - وہ کہتے ہیں جلسہ دو دن کے بعد کر لو - وہاں سے بھی بات
reasonable معلوم ہوتی ہے اور یہاں سے بھی reasonable بات
معلوم ہوتی ہے - وہ کہتے ہیں ہم تو ہائی کورٹ نہیں جا سکتے - اس میں کافی
دیر لگے گی اس لئے ہم نے فیصلہ کر لیا کہ جلسہ ضرور کریں گے - میں اس situation
میں کہہ رہا ہوں کہ آپ کہتے ہیں کہ انگریز نے قانون
شکنی کی - اس نے قانون شکنی نہیں کی - قانون شکنی وہ خود کر رہے ہیں
ہم اپنے آپکو یہ جاننے کیلئے volunteers کر رہے ہیں کہ ہم جلسہ کریں گے
قانون کو اپنے ہاتھ میں لیں گے - جہاں تک جلسے اور جلوس کا تعلق ہے
میں ان کے عمل کے بارے میں کہہ رہا ہوں - Justify کریں گے یا نہیں

مرزا ناصر احمد: یہاں اب ۔۔۔

(کاروائی 1974/8/9 ص 63,62) جاری

مولوی صاحب نے اس کاروائی کو درج ہی نہیں کیا۔

مولوی صاحب نے اس کاروائی کو درج ہی نہیں کیا۔

F.9

(کاروائی 1974/8/9 ص63)

مولوی صاحب نے اس کاروائی کو درج ہی نہیں کیا۔

مولوی صاحب کا دجل ملاحظہ کریں۔ حضرت صاحب نے جنگ آزادی کے بارے میں تفصیلی بات شروع کرنے والے اٹارنی جنرل کو توجہ دلائی کہ صرف پانچ منٹ رہ گئے ہیں یعنی اس کا جواب زیادہ وقت کا تقاضا کرتا ہے جو پانچ منٹ میں مکمل نہ ہو سکے گا مگر مولوی صاحب نے اپنی کاروائی میں یہ درج کیا ہے کہ حضرت صاحب جواب سے عاجز آکر پانچ منٹ رہ جانے کا عذر کر رہے ہیں۔ اور اجلاس ملتوی کرنے کا کہا ہے۔ حالانکہ یہ حضرت صاحب نے کہا ہی نہیں۔

مرزا ناصر: پانچ منٹ رہ گئے ہیں۔
اٹارنی جنرل: 1857ء کی جنگ آزادی۔
مرزا ناصر: سر اجلاس ملتوی کر دیں۔
چیئرمین: (شام چھ بجے تک اجلاس ملتوی)

(تاریخی قومی دستاویز صفحہ نمبر 142)

F.9

مولوی صاحب کی شائع شدہ کاروائی میں یہ حصہ بھی محذوف ہے	**Mr. Chairman:** A lawyer definitely needs five minutes recess after he finishes his cross-examination. This in my feeling as a lawyer. Therefore, allow Mr. Attorney-General to have five minutes rest. **Attorney-General:** I had to go to Defence College from eight o'clock in connection with a talk. It was my personal request. **Mr. Chairman:** This is food for thought. Any honourable Member wants to say anything. میاں عطاء اللہ: ایک بات میں عرض کرنا چاہتا ہوں، چیئرمین صاحب! بات یہ ہے کہ میں مولانا نہیں۔ نہ مولانا کہلانے کا حقدار ہوں اور آپ سے پہلے ہمارے اسپیکر صاحب تھے (یعنی ہمارے موجودہ صدر صاحب) انہوں نے ایک دفعہ مجھے مولانا کہہ کر فرمایا تھا۔ میں نے ان کی خدمت میں مودبانہ عرض کی تھی کہ میں گنہگار آدمی ہوں۔ میں اس قابل نہیں ہوں کہ مولانا کہلاؤں کیونکہ مولانا کا درجہ تو بہت اونچا ہوتا ہے اور میں اپنے آپ کو ایک حقیر انسان سمجھتا ہوں۔ اس واسطے یہ مناسب نہیں ہے کہ آپ مجھے مولانا کہا کریں۔ دوسرے میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اٹارنی جنرل صاحب کو ہم جا کر کچھ چیزیں وقتاً فوقتاً پیش کرتے ہیں۔ اگر آپ سمجھتے ہیں کہ یہ ٹھیک نہیں ہے ۔۔۔ جناب چیئرمین: نہیں نہیں۔ بالکل نہیں۔ میاں عطاء اللہ: کیونکہ کچھ چیزیں ایسی ہوتی ہیں جن کی فوری جا کر نشاندہی کرانا پڑتی ہے کیونکہ یہ چیزیں اس وقت کے سوال سے relevant ہوتی ہیں۔ جناب چیئرمین: میں بالکل آپ سے متفق ہوں لیکن صرف ان کو پانچ، دس منٹ کا rest کبھی کبھی دے دیا کریں۔ Should I adjourn the House? Voices: Yes. Mr. Chairman: The House Committee is adjourned to meet at 6.00 P.M. (کاروائی 1974/8/9 ص64)

F.9

اٹارنی کے گالیوں کے دیئے جانے سے متعلق سوال کے جواب میں حضرت صاحب نے تفصیلی جواب دیا ہے جو دائیں طرف درج ہے ۔مولوی صاحب نے اسے درج ذیل چند سطروں میں پورا کر دیا ہے۔اور اکثر حصہ چھوڑ دیا ہے۔

اٹارنی جنرل: کل میں نے چند حوالوں کی طرف توجہ دلائی' جن میں مرزا صاحب نے اپنے مخالفین کے خلاف توہین آمیز جملے استعمال کیے۔

مرزا ناصر: دیکھئے ستر سال گزر گئے' اب ہمیں واپس اس ماحول میں جانا ہوگا کہ اس زمانہ میں مخالفین کس طرح ایک دوسرے کو' علماء بھی' گالیاں دے رہے تھے۔ وہ تاریخ کا ماحول سامنے رکھنا ضروری ہے۔ میں نے کہا سخت کلامی کا ایک طوفان تھا اور باہمی تختی جو ہے' ان میں کوئی 100 سال' 200 سال پہلے سے شروع تھی۔ اس میں سے میں نے تین مثالوں کا انتخاب کیا ہے۔ یہ کتاب رد الروافض ہے' 1902ء میں چھپی' حاجی مشتاق اینڈ سنز اندرون بوہڑ گیٹ ملتان والوں نے شائع کی۔

(تاریخی قومی دستاویز۔ص۔142)

(The Special Committee re-assembled at 6 p.m. Mr. Chairman in the Chair).

Mr. Chairman: The Delegation may be called.

(The Delegation entered the House)

اٹارنی جنرل: مرزا صاحب میں سوال پوچھ سکتا ہوں۔

مرزا ناصر احمد: جی ہاں۔

	-99- تنگ کیا کہ اسکو اپنا پیچھا چھڑانا مشکل ہو گیا ۔ اور اس ترکیب سے اس نے ہندوستان سے لے کر ولائت تک کے پادریوں کو شکست دے دی ۔ اب ظاہر ہے کہ یہ الفاظ درست کا ہیں ، ویسے مخالف ہے ۔ لیکن سچی بات کہنے سے دریغ بھی نہیں کرتا ۔ یہ 'Indian Spectator; 'Daily Telegraph' کے حوالے میں اب ہم آتے ہیں ۱۹۰۰ سے ۱۹۰۲ پر ۔ ڈاکٹر ڈوئی سا ہا ٹ ہاٹ کا پادری تھا ۔ وہ شروع ہی سے اسلام اور بانئی اسلام کا معاند تھا ۔ یہ اسکا " حال ہی میں ملک امریکہ میں ، ----- وہ میں نے عبارت چھوڑ دی ہے ---- " حال ہی میں ملک امریکہ میں یسوع مسیح کا ایک رسول پیدا ہوا ہے جسکا نام ڈوئی ہے اور اسکا دعوی ہے کہ یسوع مسیح نے بحیثیت خدائی دنیا میں اسکو بھیجا ہے ۔ تا کہ اسب کو اسبات کی طرف کھینچے کہ بجز مسیح کے اور کوئی خدا نہیں ۔ اور یہ کہ تمام مسلمان تباہ اور ہلاک ہو جائیں گے ۔ یہ اعلان کیا اس شخص نے ----- ہم ڈوئی صاحب کی خدمت میں باادب عرض کرتے ہیں کہ اگر ڈوئی اپنے دعوے میں سچا ہے اور درحقیقت یسوع مسیح خدا ہے تو اے مسلمانوں کو ہلاک کرنے کی کیا ضرورت ہے ۔ یہ فیصلہ ایک ہی آدمی کے مرنے سے ہو جائے گا ۔ کیا حاجت ہے کہ تمام ملکوں کے مسلمانوں کو ہلاک کیا جائے ۔ لیکن ڈوئی بجائے باز آنے کے تکبر اور شرارتوں میں اور بڑھ گیا اور اسلام کے خلاف پہلے (کاروائی 1974/8/22 ص 99)

F.18

کیا جائے ۔ لیکن دوئی بجائے باز آنے کے تکبر اور شرارتوں میں اور بڑھ گیا اور اسلام کے خلاف پہلے
سے زیادہ بد زبانی شروع کر دی ۔ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ نے کچھ انتظار کے بعد اپنا چیلنج
شائع کروا کر اسکو وہاں بھجوا دیا ۔ اور امریکہ وسیع الاشاعت اخبار میں وہ چھپا ۔ اسکے رد عمل
پر جب ایک سال گزر گیا تو بانی سلسلہ احمدیہ نے یہ کہا کہ مسٹر دوئی اگر میری درخواست
قبول کرے گا اور صراحتاً یا اشارۃً میرے مقابلے پر کھڑا ہو گا تو میرے دیکھتے دیکھتے بڑی حسرت اور دکھ
کے ساتھ اس دنیائے ناپائیدار کو چھوڑ دے گا ۔ پس یقین سمجھو کہ اسکے صیہون پر جلد تر ایک
آفت آنے والی ہے ۔ پہلے دوئی کی اخلاقی موت ---- اسکے ---------- اخبار نیویارک ورلڈ اس
اس وقت تک دوئی کے 7 خطوط اس اخبار نے شائع کئے کہ میں ولد الحرام ہوں اپنے باپ کا بیٹا نہیں
ہوں یہ پہلی موت اسکی ہوئی پھر یکم اکتوبر ۱۹۰۵ کو اس پر فالج ہوا ۔ پھر ۱۹ دسمبر ۱۹۰۵
کو دوسرا فالج ہوا ۔ اور ۹ مارچ ۱۹۰۷ کو بڑے دکھ اور حسرت سے مرا بڑی اچھی درد ناک کہانی
ہے میں اس کو چھوڑ رہا ہوں میں بڑا مختصر کر رہا ہوں اور بڑا تیز رہا ہوں

(کاروائی 22/8/1974 ص99)

یہ حصہ مکمل درج نہیں کیا

F.18

— ۱۰۰ —

جیسا کہ آپ سن رہے ہیں ـ ۱۹۱۰ء مسلم پریس ایسوسی ایشن کے قیام کی تاریخ ۱۰ فروری ۱۹۱۰ء
کو الحکم کے ذریعے ہندوستان کے تمام مسلمان اخبارات کو باہم متحد ہو کے اور ایک مسلم پریس
ایسوسی ایشن کے قیام کی تحریک کی تو یہ وقت کا تقاضا تھا اور سارے مسلمان یک جان ہو کر اس
کی کریں ہماری طرف سے تھیں بہرحال ایک تحریک ہوئی اور وہ ہر آدمی سمجھ سکتا ہے
کہ نہایت مفید تحریک تھی اور کسی اختلاف کا وہاں نہ کوئی شائبہ تھا نہ کسی کا اظہار کیا نہ
ہماری طرف سے نہ کسی اور طرف سے ـ اسی طرح بعض حوالے میں یہاں جو درمیان کے وہ میں پڑھ
دیتا ہوں ـ ایک مدرسۃ الالہیات کے لئے امداد کا سوال تھا اسکی تحریک کی گئی وہ ہماری جماعت
احمدیہ سے تعلق نہیں رکھتا اب ہم پہنچتے ہیں ۱۹۱۸ء پر ـ ۱۹۱۸ء میں ملت اسلامیہ ہندوستان
نے خوشی کا دن منایا اور کروڑوں چراغ جلائے گئے اور جلسے ہوئے اور اسکے متعلق میں ایک حوالہ پڑھ
دوں گا ایک تو اس پر علامہ اقبال نے جو اشعار سنائے چھپ چکے ہیں وہ بڑے دلچسپ ہیں پڑھنے
کے قابل ہیں میں یہاں چھوڑتا ہوں ـ غلام بھیک نیرنگ سرپرست دعوت تبلیغ اسلام انبالہ نے ایک
نظم لکھی اسکو بھی میں چھوڑتا ہوں یہ ایک مقبول عام نظم ہے خان احمد حسین خان صاحب مشہور
مصنف ہیں اسکو بھی میں چھوڑتا ہوں ـ یہ ہے حق ایک اخبار اسکی بھی فوٹو سٹیٹ کاپی یہاں

(کاروائی 1974/8/22 ص100)

یہ حصہ مکمل درج نہیں کیا

F.18

یہ حصہ مکمل درج نہیں کیا	بصنت میں اسکو بھی میں چھوڑتا ہوں ۔ یہ ہے حق ایک اخبار اسکی بھی فوٹو سٹیٹ کاپی یہاں دے دیں گے ۔ شیخ عبدالقادر صاحب بی اے بیرسٹر ایٹ لاء خادم اسلام معروف ہستی ہیں انہوں نے ۲۳ دسمبر ۱۹۱۸ کو ایک مضمون لکھا تھا ہے یہ اسمیں سے چار سطریں لی ہیں میں نے چھوٹی سی ماہ دسمبر کی ۱۲ تاریخ جو خوشیاں سارے ملک میں منائی گئی ہیں وہ مدتوں تک یاد رہیں گی اس ایک دن کی خوشی نے لڑائی کے زمانے کی بہت سی کلفتوں کو دھو ڈالا تو یہ ذہن ہے جس میں اس وقت کا مسلمان بات کر رہا ہے ۔ اب ان کروڑوں دیوں میں ۔ ۔ ۔ ۔ چراغاں دیوں سے ہوتا تھا مطلب اپنی سمجھ میں آنے کے لئے اگر چند سو دیئے ملت اسلامیہ کی خوشی میں شامل ہونے کی خاطر چراغاں کے اس جماعت نے جلا دیئے تو وہ قابل اعتراض نہیں ہونے چاہئیں ۔ ہمارے نزدیک یہ سارا مسالہ ہے اسکو میں چھوڑ دیتا ہوں ناں وقت بڑا تھوڑا ہے ۔ معاہدہ ترکیہ پر مسلمانوں کو عالمگیر انجمنہ اسلامیہ کے قیام کا مشورہ ایک بڑا دلچسپ واقعہ ہوا تھا ۔ جس وقت میں ترکی کے ساتھ معاہدہ کیا گیا تھا Allies اور ترکی کا یعنی ترکی مجبور ہوا اسکے متعلق الفضل ۳ جون ۱۹۲۰ کے صفحہ ایک پر ہے فاتح اتحادی ملکوں نے ترکی سے جو شرائط صلح لکھی ہیں وہ انتہا درجہ کی ذلت 187 (کاروائی 1974/8/22ص100)

F.18

یہ حصہ مکمل درج نہیں کیا	-101-

-101-

تھی اس معاہدہ کے سلسلے میں آئندہ طریق عمل سوچنے کے لئے یکم دو جون ۱۹۲۰ کو الہ آباد
میں خلافت کمیٹی کے تحت کانفرنس منعقد کی گئی جمعیت العلمائے ہند کے مشہور لیڈر جناب مولانا
عبدالباری فرنگی محل کی دعوت پر حضرت خلیفۃ المسیح ثانی نے ایک مضمون بعنوان معاہدہ ترکیہ
اور مسلمانوں کا آئندہ رویہ ایک دن میں رقم فرمایا اور اسے راتوں رات چھپوا کر بھجوایا جس میں
علاوہ اور تجاویز کے ایک یہ تجویز بھی پیش کی گئی کہ اسلام اور مسلمانوں کی ترقی اور بہبود کے لئے
بلا تاخیر اور عالمگیر لجنۃ اسلامیہ قائم ہونی چاہیئے بڑی زبردست یہ اس وقت تحریک کی گئی تھی اب
وقت سے سارے کام ہوتے ہیں - ۱۹۲۱ تحریک اور حجاز کے حقوق کی حفاظت ۲۳ جون ۱۹۲۱
کو جماعت احمدیہ کا ایک وفد شملہ میں وائسرائے ہند کو ملا اور ان کی توجہ اس امر کی طرف دلائی
کہ ترکی کی حکومت کے ساتھ ہمیں ہمدردی ہے اگر ۵۰ سال کے بعد برطانوی حکومت کی مدد سے
لورین اور اور فرانسسکو واپس مل سکتے ہیں ایک اور ہے جبعد سے پڑھا نہیں گیا تو کوئی وجہ نہیں
کہ سمرنا اور سائرس ترکوں کو واپس نہ دلائے جائیں - یہی انہوں نے توجہ خاص اس بات کی طرف
دلائی گئی کہ وزیر نو آبادیات نے حجاز کی بابت جو تجاویز پیش کی ہیں وہ حجاز کی آزادی کے منافی
ہیں اور ان سے کہا گیا کہ ترکوں سے علیحدگی کے بعد حجاز کی آزادی میں کوئی خلل نہیں آنا چاہیئے
وہ ایک آزاد ملک ہونا چاہیئے - تحریک شدی اور مجاہدین احمدیت کی خدمات کے عنوان سے جو
کسی اور نے لکھے ہیں گر اجازت ہو تو میں پڑھ دوں ....

(کاروائی 1974/8/22 ص101)

F.18

یہ حصہ مکمل درج نہیں کیا	اٹارنی جنرل ـ نہیں مولانا یہ تو .... گواہ ـ نہیں ہم تو عاجز بندے ہیں خادم ہیں ـ ایک لمبا عرصہ گزرا اس وقت دوستوں کے ذہن میں اسکی تفصیل کم از کم نہیں ہو گی بڑا اندوہناک واقعہ ہوا یو پی کے ضلاع آگرہ متھرا ، وغیرہ وغیرہ شاہجہان پور ، فرخ آباد ، بدایوں اور ترواہ میں ایسے ملکانہ راجپوت آباد تھے جو اپنے آپ کو مسلمان خیال کرتے تھے لیکن ان کا رہن سہن کھانا پینا بول چال رسم و رواج سب ہندوانا تھے حتی کہ بعض کے نام بھی ہندوانا تھے اور ناواقفی کی وجہ سے وہ اپنی غیر اسلامی حالت کو اسلامی حالت سمجھ کر مطمئن تھے اور لمبے عرصے تک ان کی طرف کسی نے توجہ نہ دی آریوں نے میدان خالی پا کر انہیں ہندو قوم میں ضم کرنے کے لئے بڑے زور شور سے شدھی کی تحریک شروع کر دی تمام اضلاع میں پرچارک پھیرائے اور اسلام کے خلاف نہایت زہریلا پروپیگنڈا ... 188 (کاروائی 1974/8/22 ص 101)

F.18

یہ حصہ مکمل درج نہیں کیا	- 102 - مین شور پڑ گیا اس موقعے پر ۷ مارچ ۱۹۲۳ کو تمام جماعت احمدیہ نے مسلمانون کو ارتداد کے فتنے کے لئے جہاد اکبر کا علم بلند کیا اور ۱۵۰ احمدی رضا کار فوری طور پر ایک نظام کے ماتحت مختلف علاقون مین بھجوا دیئے اور اسکا مین ایک لمبا تسلسل پیدا کیا چنانچہ ان مجاہدین کی مساعی رنگ لائین اور دوسرے دوست بھی پہنچے ہوئے تھے اور یہ فتنہ جو تھا اس وقت جب بڑا سیلاب آیا تھا مسلمان اخبارات نے اس سلسلے مین جو لکھا مثلاً "زمیندار" مولانا ظفر علی خان صاحب کا ۸ اپریل ۱۹۲۳ کو لکھا احمدی بھائیون نے جس خلوص جس ایثار اور جس جوش ہمدردی سے اس کام مین حصہ لیا ہے وہ اس قابل ہے کہ ہر مسلمان اس پر فخر کرے۔ اخبار ہمدم سے اس کام مین حصہ لیا ہے وہ اس قابل ہے کہ ہر مسلمان اس پر فخر کرے۔ اخبار ہمدم لکھنئو ۲ اپریل ۱۹۲۳ نے لکھا قادیانی جماعت کی مساعی حسنہ اس معاملے مین بیحد قابل تحسین ہے اور دوسرے اسلامی بھائیون کو بھی انھی کے نقش قدم پر چلنا چاہیئے۔ .... (وقفہ) .... یہ اخبارون کے حوالے بہت سارے ہین یہ مین ورق الٹا رہا ہون اپنا وعدہ پورا کر رہا ہون ۔ (کاروائی 1974/8/22ص 102)

F.18

یہ اخباروں کے حوالے بہت سارے ہیں یہ میں ورق الٹا رہا ہوں اپنا وعدہ پورا کر رہا ہوں ۔ اخبار وکیل امرتسر نجات و دور سارے ہندوستان کے اخبار تھے جنہوں نے سرچیز کو دور علی گڑھ بڑے ہندو اخبارات نے اعتراف کیا ...... اب آگے ہم ملک شام کی تحریک آزادی اور جماعت احمدیہ کا اس میں کردار جنگ عظیم کے بعد شام پر فرانس نے قبضہ کیا تھا ۔ جیسا کہ سب جانتے ہیں ادروس ؟ کا علاقہ ہے ۔ مسلمانوں نے تحریک آزادی کا علم بلند کیا شام کی فرانسیسی حکومت نے دمشق پر گولہ باری کی امیر جماعت احمدیہ نے ۱۳ نومبر ۱۹۲۵ کو خطبہ جمعہ میں تحریک آزادی کی تائید میں فرمایا ۔ میں اس اظہار سے بھی نہیں رک سکتا کہ دمشق میں ان لوگوں پر جو پہلے ہی بے کس بے بس تھے یہ بڑا ہی ظلم کیا گیا ہے ان لوگوں کی بے کسی اور بے بسی کا یہ حال ہے کہ باوجود اپنے ملک کے آپ مالک ہونے کے دوسروں کے محتاج بلکہ دست نگر ہیں میرے نزدیک شامیوں کا حق ہے کہ وہ آزادی حاصل کریں ۔ ملک ان کا ہے حکمران بھی وہی ہونے چاہئیں ۔ یہ ظلم اس لحاظ سے اور بھی زیادہ بڑھ جاتا ہے ۔ کہ پچھلی جنگ میں اہل شام نے اتحادیوں کی مدد کی اور اس غرض سے مدد کی کہ انہیں اپنے ملک میں حکومت کرنے کی آزادی دی جائے گی ۔ پھر کتنا ظلم ہے کہ اب پھر ان کو غلام بنایا جاتا ہے خطبہ میں یہ حوالہ چھوڑتا ہوں کیونکہ یہ لمبا ہے ۔ (کاروائی 1974/8/22 ص102)	یہ حصہ مکمل درج نہیں کیا

F.18

یہ حصہ مکمل درج نہیں کیا	تو آگے حوالوں سے ظاہر ہے اپنی طرف سے پورا زور باقیوں کے ساتھ ملکر لگایا کہ ان کا جو حق ہے ان کو ملے۔ اب ہم آتے ہیں ۱۹۲۷ میں اسلام کے افق میں نمودار ہوئے آگ کے شعلے تھے بڑا اس کا رد عمل ہونا چاہیئے تھا۔ آریہ راج پال کی ناپاک کتاب "رنگیلا رسول" اور امرتسر کی رسالہ "ورتمان" سید المعصومین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے خلاف جو دل آزادی کا مضمون شائع ہوا۔ اسکے اوپر ہے۔ ایک حوالہ مشرق ۲۲ ستمبر ۱۹۲۷ءاس کے متعلق پڑھ دیتا ہوں۔ کام کیا بڑی سخت جنگیں لڑی گئیں۔ ورتمان اور رنگیلا رسول کے متعلق جناب امام جماعت احمدیہ کے احسانات تمام مسلمانوں پر ہیں۔ آپ کی ہی تحریک سے ورتمان پر مقدمہ چلایا گیا آپ ہی کی جماعت نے رنگیلا رسول کے معاملہ کو آگے بڑھایا۔ سر فروشی کی اور جیل جانے سے خوف نہیں کھایا۔ آپ کے ہی پمفلٹ نے جناب گورنر صاحب بہادر پنجاب کو عدل و انصاف کی طرف مائل کیا۔ آپ کا پمفلٹ ضبط کر لیا۔ مگر اسکے اثرات کو زائل نہیں ہونے دیا اور لکھ دیا کہ اس پوسٹر کی ضبطی محض اس لئے ہے کہ اشتعال نہ بڑھے۔ انگریز کی حکومت نے اس کا تدارک نہایت عادلانہ فیصلے سے کر دیا اور اس وقت ہندوستان میں جتنے فرقے مسلمانوں کے ہیں سب کسی نہ کسی وجہ سے انگریزوں یا ہندوؤں یا دوسری قوموں سے مرعوب ہو رہے ہیں۔ صرف ایک جماعت احمدیہ جماعت ہے۔ جو قرون اولی کی طرح کسی فرد یا جمعیت سے مرعوب نہیں ہے اور خاص اسلام کا کام سر انجام دے رہی ہے۔ یہ مشرق ۲۲ ستمبر ۱۹۲۷ء۔ بس میں یہ ایک پڑھوں گا۔ رئیس الحرار مولانا محمد علی جوہر جو بڑائے احرار ہیں ان کا بھی حوالہ ہے (کاروائی 1974/8/22ص103)

F.18

یہ حصہ مکمل درج نہیں کیا	اٹارنی جنرل ۔ اگر بہت زیادہ ہے تو پھر کل کر لیں گے ۔ گواہ ۔ ابھی کل چلے گا ۔ ویسے آپ کی مرضی ہے میرا خیال ہے کہ میں پانچ سات منٹ میں ختم کر دونگا ۔ اٹارنی جنرل ۔ کچھ رہ گیا ہے ۔ گواہ ۔ پانچ سات منٹ میں ختم کر دوں گا ۔ اٹارنی جنرل ۔ ٹھیک ہے ۔ 190 (کاروائی 1974/8/22 ص 103)

F.18

- ۱۰۴ - گواہ:- ۱۹۲۸ء میں سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم کے جلسوں کی تحریک ہوئی اور یہ تھا کہ انہوں جو اصل مقصد تھا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت پر جلسے کرو اور ہندوؤں اور عیسائیوں کو بلاؤ کہ وہ بھی تقریریں کریں آنحضرت کی سیرت پر - اور جو عملاً ہوا وہ یہ ہے کہ ان کے پاس نہ اپنا مواد تھا نہ سوچا تھا - مسلمانوں سے مواد لیکر بڑے اچھے رنگ میں وہاں آ کر تقریر کر دیتے تھے اور اسطرح پر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی شان اور جلالیت وہ جو اسی وجہ سے ان کے ساتھ عیسائی ہندو آتے تھے انکے سامنے آپ کی سیرت کا ایک چمکتا ہوا بیان آ جاتا تھا اسکے کہنے کے بعد میں سارا اسی طرح کر دیتا ہوں - نہرو رپورٹ شائع ہوئی تو یہ ایک بڑی عیار قوم ہے اور بڑی ہوشیاری سے چکر دے کر انہوں نے ایک ایسی [illegible] اٹارنی جنرل:- سب کو معلوم ہے - گواہ:- اسکے اوپر ایک تبصرہ کیا ہے جماعت احمدیہ کی طرف سے ایک بڑا زبردست تبصرہ ہوا ہے - اور اس کا دو سطری خلاصہ یہ تھا کہ آل پارٹی مسلم کانفرنس منعقد ہو - اور اس میں یہ تجویز ہوں - نہ صرف اسلامی حقوق کی حفاظت کر لی گئی بلکہ دوسرے تمام امور کے متعلق بھی ایک مکمل قانون پیش کرے - یہ دو رہ گئے ہیں - وہ پھر ڈل کر لیں گے - (کاروائی 1974/8/22 ص104)	یہ حصہ مکمل درج نہیں کیا

F.18

اصل دستاویز	
اٹارنی جنرل — اور کیا رہ گیا ہے۔ گواہ — ایک تو کشمیر وہ بڑا اہم ہے۔ تین، چار اور ہیں یہ میں اسطرح رپورٹ داخل کر دیتا ہوں یہ فلسطین اور جماعت احمدیہ کی ماضی یہ بڑا اہم ہے کیونکہ اعتراض ہو جاتا ہے کہ پہلے یہ فلسطین تھا اور پھر اسرائیل بن گیا اور اکثروں کو پتہ نہیں ہے کہ یہ کس تاریخ کو ہوا ----- اٹارنی جنرل — پھر کل بعد از دوپہر کر لیں گے۔ کیونکہ کل صبح تو نہیں ہو گا۔ ۱۹۱ (کاروائی 22/8/1974ص104)	یہ حصہ مکمل درج نہیں کیا

F.18

<table>
<tr>
<td>یہ حصہ مکمل درج نہیں کیا</td>
<td>
— 105 —
<u>ڈپٹی چیرمین</u> — آپ کو کوئی سوال تو نہیں پوچھنا ہے ۔
<u>A. G.</u> Not now, because he has not concluded
<u>Dy. Chairman</u>: So we meet again tomorrow at 5.30 p.m.
<u>گواہ</u> — میرا حق تو نہیں ہے مگر کیا میں پوچھ سکتا ہوں کہ آپ کے اندازے کے مطابق کل ختم ہو جائیگا ۔
<u>اٹارنی جنرل</u> — مرزا صاحب یہ تو آپ پر Depend کر رہا ہے ۔
<u>گواہ</u> — میں تو پانچ یا دس منٹ سے زیادہ نہیں لونگا ۔
<u>اٹارنی جنرل</u> — ایک دو Item رہ گئے میں کوشش یہی ہے کہ ختم ------
<u>گواہ</u> — کل شام کو ہو جائے گا ------
<u>اٹارنی جنرل</u> — کیونکہ سوال تو اتنے زیادہ رہ گئے ہیں ۔ میں ممبر صاحبان سے Request کرتا ہوں کہ وہ کر دیں تاکہ وہ -------
<u>Deputy Chairman</u>: The Special Committee adjourns to meet again at 5.30 p.m. on 23rd August.

(کاروائی 1974/8/22 ص105)
</td>
</tr>
</table>

F.19

صاحبزادہ صفی اللہ ۔ جناب والا میں عرض کرونگا کہ پہلے یہ فیصلہ ہوا تھا کہ مرزا ناصر احمد صاحب کا لکھا ہوا بیان بھی پڑھیں گے ۔ سوائے اسکے کہ مرزا غلام احمد اور بشیرالدین صاحب کا جو بیان ہو گا اس کتاب سے اقتباسات پیش کرے گا ۔ لیکن کل ہم نے دیکھا کہ وہ اپنی طرف سے سفید کاغذ سے بیان پڑھ رہے تھے ۔ اور انکی طرف سے [illegible] کر رہے تھے اس سے پتہ نہیں چلتا ۔ کہ یہ واقعی غلام احمد کا ہے ۔ یا مرزا بشیرالدین کا ہے ۔ دوسری بات یہ ہے کہ اس غیر مسئلہ بحث کو یہاں نہیں چھیڑنا چاہیے ۔ اٹارنی جنرل صاحب ایک چھوٹا سا سوال کرتے ہیں ۔ تو وہ ساری تاریخ اپنی صفائی کیلئے پیش کرتے ہیں ۔ وہ بھی سفید کاغذ سے بیانات پڑھتے ہیں ۔

جناب چیئرمین ۔ انکو بلا لیں اور باہر بیٹھا دیں ۔ دو منٹ لگیں گے ۔

صاحبزادہ صفی اللہ ۔ اس سے پتہ نہیں چلتا کہ یہ واقعی کتابوں سے اقتباسات ہے ۔ یہ ان کا اپنا خاص طریقہ ہے ۔ وہ ہیر پھیری سے کام لیتے ہیں ۔ اس طرح کام کرتے ہیں ۔ اسکا آپ نوٹس لیں ۔ آپ دیکھیں ۔

دائیں طرف درج اَصل کاروائی وفد کے ہال میں آنے سے قبل کی ہے۔ مولوی صاحب کی کاروائی جو انہوں نے قطع وبرید کے بعد درج کی ہے درج ذیل ہے۔

زیر صدارت صاحبزادہ فاروق علی خان

صاحبزادہ صفی اللہ: جناب چیئرمین، آپ توجہ فرمائیں کہ گواہ ہیرا پھیری سے کام لے رہا ہے۔ ادھر ادھر کی، غیر متعلقہ باتوں میں وقت ضائع کرتا ہے، اسے شارٹ کٹ راستے سے جواب دینے کا پابند کیا جائے۔

جناب چیئرمین: اٹارنی جنرل صاحب نوٹ کریں۔ دس دن سے جو پروسیجر چل رہا ہے، دیکھیں کہ آخری مرحلہ پر کیا کرنا ہے۔

(تاریخی قومی دستاویز۔ ص۔215)

نمبر1۔ اَصل کاروائی کے اسی ایک صفحہ پر صاحبزدہ صفی اللہ کے تین بیانات درج ہیں جبکہ مولوی صاحب نے صرف ایک بیان درج کیا ہے۔ وہ بھی اپنے الفاظ میں۔

نمبر2۔ چیئرمین کے 2 بیانات درج ہیں۔ پہلے کو تو درج ہی نہیں کیا گیا۔ دوسرے میں تحریف کی گئی ہے۔

F.19

جناب چیئرمین ۔ انشاءاللہ آج cut short کرین گے ۔ اب دس دن سے یہ

پروسیجر چل رہا ہے ۔ اسمین کافی کوشش کی جا رہی ہے کہ کسی طریقے سے اسکو مختصر کیا جائے

بلکہ یہ بھی کہا ہے کہ جو حوالہ جات ہین کسی سے اپنی explanation دینا چاہتے ہین ۔

آپ لکھ کر دین ہم اسکو evidence مین بڑھ لین گے ۔

صاحبزادہ صفی اللہ ۔ کل ایک کاغذ پڑھ رہے تھے اور یہ ثابت کر رہے تھے کہ ہم نے

نہین بلکہ دوسرے مسلمانون نے سلطنت عثمانیہ کے زوال کے وقت چراغ روشن کیے ۔ وہ اپنی طرف سے ایک بیان

پڑھ رہے تھے کہ یہ چراغان کیا وہ چراغان کیا ۔ اس لیے آپ توجہ فرمائین کہ غلط اقتباسات پیش نہ

کرین ۔

(کارروائی 1974/8/23 ص۔ 1)

F.19

دائیں طرف درج اُصل کاروائی کے صفحہ 2 تا 23 پر یعنی 22 صفحات پر مشتمل قیام پاکستان۔ باؤنڈری کمیشن۔ تحریک آزدی کشمیر میں جماعت احمدیہ کے کردار کے حوالہ سے کاروائی درج ہے جبکہ مولوی صاحب نے اُپنی کاروائی میں اسے صرف 215 کے آخر تا 218 یعنی صرف 3 صفحات میں پورا کر دیا ہے۔ اس سے واضح ہے کہ کاروائی کا اکثر حصہ حذف کر دیا گیا ہے۔ مولوی صاحب کی کاروائی ملاحظہ فرمائیں۔

اٹارنی جنرل: جی مرزا صاحب۔
مرزا ناصر: یہ ہماری تاریخ کا اہم زمانہ ہے۔ سائمن کمیشن' سر فرانس ینگ ہنڈ کی صدارت میں ہمارے خلیفہ ثانی نے جلسہ کیا لندن میں' عربوں کے حق

گواہ – یہ ہماری تاریخ کا اہم زمانہ ۱۹۳۱ کے قریب کا ہے – جب Simon Commission یہاں آیا تھا – اس نے اپنی ایک رپورٹ تیار کی تھی – اسمیں گول میز کانفرنس کا اعلان کیا گیا تھا – اور اس موقعہ پر ہمارے خلیفۃ المسیح ثانی نے اپنی طرف سے مسلمان اکٹھے ہو کر اور سیاسی متحد ہو کر سیاسی محاذ قائم کرنے کی اپیل کی تھی – اس پر ایک تبصرہ لکھا گیا تھا – اسمیں جو تاریخ کا وزن ہے اس پر تبصرہ ہوگا یا میں پہنچوا دوں ؟ میں نے جو حوالہ کہا گیا ہے وقت بچانے کیلئے کیونکہ کچھ عنوان ایسے ہیں کہ ان پر وقت صرف کرنا پڑے گا – سیاست لاہور نے اس وقت لکھا ہے کہ مذہبی اختلافات کی بات چھوڑ کر دیکھیں تو تو جناب بشیرالدین محمود احمد صاحب نے میدان تصنیف و تالیف میں جو کام کیا ہے وہ بلالحاظ امادہ ہر تعریف کا مستحق ہے – یہ تو ہے سیاسیات میں اپنی جماعت کو عام مسلمان کے پہلو بہ پہلو لانے میں

(3)

آپ نے جس اصول عمل کی ابتدا کر کے اسکو اپنی قیادت میں کامیاب بنایا ہے ہر منصف مزاج مسلمان اور حق شناس انسان سے خراج تحسین وصول کر کے رہتا ہے – یہ سیاست نے اس پر تبصرہ لکھا ہے – بہت سے حوالے اسمیں دیئے – اسمیں ایک مختصر خطبہ فلسطین ہے – یہ دنیا میں ۱۹۳۹ سے ۱۹۳۸ تک لکھا ہے – بلکہ اس سے کچھ پہلے ہے کیونکہ مجھے یاد ہے کہ ایک روز میں اس مضمون پہ بعض وقت مذاکرات میں مجھے حصہ لینا پڑا – اسمیں خلیفہ ثانی نے لکھا –

(عربی)

F.19

'وہ تمام ممالک کو بھیجا جو اسمیں دلچسپی لینے والے تھے۔ اسکے ساتھ دلچسپی ہے۔ عرب ممالک جو ہیں، انگلستان میں اسکے متعلق کوشش کی گئی۔ حضرت امام جماعت احمدیہ کو پریس میں مخالفین کی ہمدردیاں مسئلہ فلسطین کے بارے میں مسلمانان عالم کے ساتھ تھیں۔ چنانچہ اخبار South Western Star میں فروری ۱۹۲۰ کی اشاعت میں لکھا۔ عبدالضحیٰ کی تقریب میں مسجد احمدیہ لندن میں ایک جلسہ ہوا اور لیفٹیننٹ کرنل Sir Frances Young Husband کی صدارت میں امام جماعت احمدیہ نے انگریز حکومت کو انتباہ کیا کہ فلسطین میں یہودیوں کا تعداد میں عربوں سے بڑھ جانے کا خیال سخت خوفناک ہے۔ یہ کبھی برداشت نہ کیا جائے گا۔ برطانیہ کی حکومت کو اسکا منصفانہ حل تلاش کرنا ہوگا۔

میں۔ چودھری ظفر اللہ خان مسلم لیگ کے باؤنڈری کمیشن میں وکیل تھے۔ کشمیر کمیٹی، وہ کونسا کام ہے، جس میں ہم شریک نہیں تھے۔ آج ہمیں مطعون کیا جا رہا ہے، لیکن ہماری تاریخ پر تو نظر ڈالیں، آپ کو قدم قدم پر ہماری خدمات کا سنہرا دور نظر آئے گا۔

اٹارنی جنرل: وہ فرقان فورس کیا ہے؟

مرزا ناصر: ہمارے رضاکاروں کی تنظیم، جس نے کشمیر میں رضاکارانہ خدمات سرانجام دینا تھیں۔ کشمیر کمیٹی کے سربراہ ہمارے دوسرے خلیفہ تھے۔

اٹارنی جنرل: آزادی کی جدوجہد میں باؤنڈری کمیشن کا مرحلہ آتا ہے۔ جسٹس منیر صاحب کے حوالہ سے ظفر اللہ خان کی بڑی خدمات ہیں۔ وہ پاکستان کی نمائندگی کر رہے تھے۔ مسلم لیگ کے وکیل تھے لیکن جسٹس منیر صاحب جو باؤنڈری کمیشن کے رکن تھے، انہوں نے "پاکستان ٹائمز" میں 24 جون 1964ء آرٹیکل لکھے۔ ان میں یہ بھی تھا۔ "پاکستان ٹائمز" 21 جون 1964ء "میرے یادگار دن" "معاملہ کے اس حصہ کے متعلق میں ایک نہایت ہی ناخوشگوار واقعہ کا ذکر کیے بغیر نہیں رہ سکتا۔ مجھے یہ بات کبھی سمجھ نہیں آئی کہ احمدیوں نے الگ عرضداشت کیوں دی تھی؟ اس قسم کی عرضداشت کی ضرورت تبھی ہو سکتی تھی، جب احمدی مسلم لیگ کے نقطۂ نظر سے متفق نہ ہوتے، جو کہ ایک بذات خود افسوسناک صورت حال ہوتی۔ ہو سکتا ہے کہ اس طرح احمدی مسلم لیگ کے نقطۂ نظر کی تائید کرنا چاہتے ہوں مگر ایسا کرتے ہوئے انہوں نے گڑھ شنکر کے مختلف حصوں کے بارے میں اعداد و شمار دیے، جن سے یہ بات نمایاں ہوئی کہ بین دریا اور بسنتو دریا کے مابین کا علاقہ غیر مسلم اکثریت کا علاقہ ہے اور یہ بات اس تنازعہ کی دلیل بنتی تھی کہ اگر اُج دریا اور بین دریا کا درمیانی علاقہ ہندوستان کو مل جائے تو بین دریا اور بسنتو دریا کا درمیانی علاقہ خود بخود ہندوستان کو چلا جاتا ہے، جیسا کہ ہوا۔ احمدیوں نے جو رویہ اختیار کیا تھا، وہ ہمارے لیے گورداسپور کے بارے میں خاصا پریشان کن ثابت ہوا۔"

مسلمان 51 فیصد تھے، ہندو 49 فیصد، احمدی دو فیصد۔ جب یہ مسلمانوں سے

F.19

عربی

یہ اچھا لمبا ہے اسکو بھی لوں گا اسمیں آپ نے فرمایا - امریکہ و روس جو ایک دوسرے
کے دشمن ہیں اس مسئلے میں متحد اس طرح ہیں ، وہ اسلام کی ترقی میں ایسے ارادوں کی
پامالی دیکھتے ہیں یہ فلسطین کے سلسلے میں ہے - فلسطین ہمارے آقا ومولا کی آخری آرام گاہ
کے قریب ہے - حضور کی زندگی میں اکثر جنگیں یہودیوں کے اکسانے پر ہوئیں - اب یہودی
عرب میں سے عربوں کو نکالنے کی فکر میں ہیں - یہ معاملہ عربوں کا نہیں - سوال فلسطین
کا نہیں - سوال مدینہ کا ہے - سوال یروشلم کا نہیں خود مکہ مکرمہ کا ہے - سوال زید
اور بکر کا نہیں - سوال حضرت محمد صلی اللہ علیہ و سلم کی عزت کا ہے - کیا مسلمان اس
موقعہ پر اکٹھے نہیں ہو سکتے - آج ریزلیوشن سے کام نہیں ہو سکتا - آج قربانیوں سے کام ہوگا -
پاکستان کے عوام حکومت کو توجہ دلائیں کہ ہماری جائیدادوں کا کم سے کم ایک فیصدی حصہ اس
وقت لے ، اس طرح ایک ارب روپیہ اس غرض کے لیے جمع کر سکتا ہے جو بھی مسلمانوں کے علیحدہ فنڈ
کا جو اسلام کی موجودہ مشکلات کا بہت کچھ حل ہو سکتا ہے - شام ریڈیو نے الکفر ملۃ واحدۃ
کا خلاصہ ریڈیو پر شائع کیا - اخبار استقلال زیر عنوان "مطبوعات" اس میں ان میں - میں ترجمہ
پڑھ رہا ہوں ، السید مرزا محمود صاحب کا خطبہ ملا - اس خطبہ کے خطیب نے تمام مسلمانوں
کو دعوت اتحاد دی ہے اور فلسطین کو یہودیت و صیہونیت سے نجات دلانے کے لیے ٹھوس اقدام کی
طرف توجہ دلائی نیز اہل پاکستان سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ فلسطین عربوں کی فوری اعانت کریں -

علیحدہ ہوگئے تو مسلمان 51 فیصد کی بجائے 49 فیصد ہوگئے۔ اس سے گورداسپور جاتا رہا اور کشمیر کا مسئلہ پیدا ہوگیا۔ آپ کہتے ہیں کہ ہم نے لیگ سے تعاون کیا مگر یہ قضیہ تو عجیب سا لگتا ہے۔

مرزا ناصر: جسٹس منیر صاحب نے اپنی رپورٹ میں ظفراللہ خان کی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا' اب اس کے 17 سال بعد جب وہ بوڑھے ہوگئے تو یہ بیان دے دیا۔ وہ بوڑھے ہوچکے تھے' باؤنڈری کمیشن کے یہ جج تھے۔ پہلے خراج تحسین اور اب یہ شکوک۔ 17 سال کی خاموشی کے بعد جب وہ کافی بوڑھے ہوچکے تھے' شاید ممکن ہے بڑھاپے کی وجہ سے جو بات جوانی سے سمجھ آئی ہو' وہ بڑھاپے میں نہ سمجھ آئی ہو۔

اٹارنی جنرل: یہ اچھا جواب ہے۔ خیر میں صرف آپ کی توجہ دلانا چاہتا تھا مگر علیحدہ یادداشت کیوں دی۔

مرزا ناصر: مسلم لیگ کی اجازت سے۔ ان کا جو وقت تھا' اس سے وقت ملا ہمیں اپنے موقف کے لیے۔

اٹارنی جنرل: یہ بات اور معاملہ کو پیچیدہ کر رہی ہے۔ مسلم لیگ کی وکالت ظفراللہ کر رہے تھے۔ وہی وقت دینے کے مجاز تھے۔ انہوں نے آپ کو مسلم لیگ کے وقت میں سے وقت دے دیا۔ یہ تو اور خطرناک بات ہے کہ مسلم لیگ کے وقت سے آپ کے آدمی نے وقت دیا۔ آپ نے علیحدہ عرضداشت پیش کر کے مسلم لیگ کے کیس کو کمزور کر دیا۔ اگر آپ نے کیس کمزور کیا' ظفراللہ خان چودھری کی اجازت سے تو چودھری صاحب نے لیگ کے کیس کے ساتھ کیا کیا ہوگا؟

مرزا ناصر: اپنے ایک محسن کے متعلق یہ رائے' آپ کی مرضی ہے' جس نے آپ کو پاکستان لے کر دیا۔

(تاریخی قومی دستاویز ص215تا218)

F.19

اخبار " صوت الاحرار" نے اس کے اوپر یہ تبصرہ لکھا " الکفر ملة واحدہ پر امام جماعت احمدیہ نے اپنے لیکچر میں پوری قوت سے عالم صیہونیت پر حملہ کیا ۔ اس لیکچر کا خلاصہ یہی ہے کہ سامراجی استعمار سے آزادی اور نجات اتحاد اور تعاون کے بغیر ممکن نہیں اخبار عاشورہ بغداد ۱۸/جون ۱۹۴۸ کے حضرت مرزا محمود احمد صاحب کے مضمون کا عنوان ہے الکفر ملة واحدہ جن احباب نے یہ مفید ٹیکسٹ شائع کیا ہے ۔ ہم ان کی اسلامی غیرت اور اسلامی مساعی کا شکریہ ادا کرتے ہیں ۔ یہ کچھ میں عنوان ۔ چھوٹا سا نیشان صاحب سے میں نے لکھوایا ہے ۔ یہ صاحب چھ سال وہاں رہے ہیں ۔ فلسطین میں تو یہ ایک صفحے کا ہے ۔ ڈیڑھ صفحے کا چھوٹا سا ایک مضمون کا ۔ جماعت احمدیہ کا فلسطین میں مارچ ۱۹۴۸ میں فلسطینی مشن قائم ہوا ۔ اس وقت فلسطین میں قریباً تین ہزار پادری عیسائیت کی تبلیغ کر رہے تھے اور اطراف ملک میں ان کے متعدد مشن موجود تھے ۔ احمدیہ مشن کی طرف سے عیسائی پادریوں سے مناظرات ہوئے ان کے اسلام پر اعتراضات کے جواب میں کتب و اشتہارات شائع ہوتے رہے ۔ پھر ایک باقاعدہ ماہ نامہ البشرہ بھی جاری ہوا ۔

۱۹۳۲ میں اس مشن کی طرف سے یہودیوں کو دعوت اسلام کے لیے عبرانی زبان میں بھی لٹریچر شائع کیا تھا ۔ یہ مشن روز اول سے عرب مسلمانوں کو اسرائیل کے آنے والے خطرہ سے اور اسرائیل کے بننے سے بھی قبل آگاہ کرتا رہا ۔ حضرت امام جماعت احمدیہ کی طرف سے ایک مفید مضمون الکفر واحدہ ۔ شائع ہوا ۔ جس میں سب مسلمانوں کو متحد ہو کر اس خطرے کا مقابلہ کرنے کی دعوت دی تھی ۔ اس مضمون کی عرب ممالک کے تمام اخبارات نے تائید کی ، ۲۶/مئی ۱۹۴۸ء

F.19

کو مسلمانان عالم کی مخالفت کے باوجود امریکہ ، انگلستان اور روس کی تائید سے اسرائیل بن گیا ۔
اس موقع پر .... فلسطین کے چھ سات لاکھ باشندوں فلسطین کے چھ سات لاکھ باشندوں کو شام
اردن لبنان اور دیگر بلاد عربیہ میں ہجرت کرنی پڑی اس وقت حیفہ کے تیرہ اور دیگر دیہات کے
ہزاروں احمدیوں نے بھی شام اور اردن میں ہجرت کی ، اور آج تک جلا وطنی کی زندگی بسر
کر رہے ہیں ۔ اس وقت اسرائیل میں تقریباً تین لاکھ سے زائد عام مسلمان اور ہزاروں احمدی
مسلمان موجودہ ہیں ۔ مسلمانوں کی المجلس الاسلامی الاعلی بیت المقدس میں ہے ۔ ان کے فیصلے
مسلمان قاضی کرتے ہیں ۔ جو احمدی اسرائیل میں ہیں اور ہجرت نہیں کر سکتے وہ اپنے خرچ پر
احمدیہ مشن کو جاری رکھے ہوئے ہیں ۔ اور یہود و نصارا کو دعوت اسلام دی جا رہی ہے ۔
احمدیوں کے اسرائیل میں سارے مسلمانوں سے باہمی تعلقات نہایت اچھے ہیں ۔ اس مشن کے پہلے
مبلغ ۱۹۳۶ میں انڈونیشیا کی تحریک آزادی کا سوال جب اٹھا تو اس وقت بھی جماعت احمدیہ
کے خلیفہ ثانی نے ان کے حق میں آواز اٹھائی یہ میں جو حوالہ ہے وہ چھوڑتا ہوں ۔ جس وقت
آزادی ہند اور قیام پاکستان کے لیے حالات پیدا ہوئے تو اس وقت آزادی کے متعلق یعنی انگریزی
حکومت سے آزادی حاصل کرنے کی سعی میں کوشش میں جماعت احمدیہ نے بڑا کردار ادا کیا ۔
جو آزادی ہند کے متعلق کوشش تھی اس کے متعلق مشہور عالم جناب مولوی ثناء اللہ صاحب
امرتسری نے یہ الفاظ لکھے ، یہ الفاظ کس جرأت کے ہیں اور کانگرسی تقریروں میں اس سے زیادہ

F.19

ثبوت نہین ملتے ۔ چالیس کروڑ ہندوستانیون کو غلامی سے آزاد کرانے کا ولولہ جس قدر اس تقریر

مین پایا جاتا ہے وہ گاندھی جی کی تقریر مین بھی نہین ملے گا ۔ یہ امرتسر ، اہل حدیث

امرتسر ۶ رجولائی ۱۹۳۵ء پر یہ آیا ہے ۔ پھر یہ جب مسلم لیگ کے بننے کا سوال پیدا ہوا ۔

تو اسوقت مثلاً یہ ہنظور تھے ۔ یہ اس وقت ڈھماشی مین تھے جو ان کی ماہیت مین پیدا ہو

گئی ۔ وہ مسلم لیگ کے لیے کام کرنا تو علاوہ وہ اپنے عہدے کو چھوڑنے کے لیے بھی تیار نہین تھے۔

تو جماعت کے بعض دوستون کے ساتھ ان کے تعلقات تھے ۔ جس مین چودھری ظفر اللہ خان صاحب

بھی تھے ان کے اوپر زور ڈال کر اور ان سے استعفیٰ دلوایا اور ہندو اخبارون نے جماعت کے

اوپر اس وقت اعتراض کیا ۔ کہ یہ اس قسم کی حرکتین کر رہے ہین ۔ یہ منیر کمیٹی نے یہ بہت

سارے حوالے مین نے چھوڑ دیے ہین ۔ یہ منیر کمیٹی کی جو رپورٹ ہے اس کے یہ دو فقرے جو

ہین وہ دلچسپ ہین ۔ ہم سب کے لیے عدالت ہذا کا صدر نہ یہ باونڈری کمیشن جو تھا اس کا

ہے ۔ عدالت ہذا کا صدر جو اس باونڈری کمیشن کا ممبر تھا نہون نہین یہ منیر کمیٹی ہے ۔

وہ مدیر تھے نا ۔ وہان اس وقت کی دات کو رہے ہین بہادرانہ جدوجہد پر شکر و اطمینان کا اظہار

کرنا اپنا فرض سمجھتا ہے ۔ جو چودھری ظفر اللہ خان نے گورداس پور کے معاملہ مین کی تھی ۔

چودھری ظفر اللہ خان صاحب نے مسلمانون کی نہایت بے غرضانہ خدمات سرانجام دین ۔ یہ منیر

کی رپورٹ مین ہے ۔ یہ محمد ابراہیم صاحب میر سیالکوٹی کا بھی عنوان ہے ۔ یہ کتابچہ ہمارے

ایک مشہور ہین عالم مولانا محمد ابراہیم صاحب میر سیالکوٹی احمدی نہین دوسرے مسلمانون مین

سے ، ان کا یہ اقتباس ہے دلچسپ ہے ایک مخلص دوست کے فرزند اوجھے لیکن گستاخ حافظ

F.19

محمد صادق : سیالکوٹیوں نے احمدیوں کے مسلم لیگ سے پہلے موافقت کرنے کے متعلق اعتراض کیا اور ایک امرتسری شخص نے بھی پوچھا ہے تو ان کو معلوم ہو ۔ اول تو میں احمدیوں کی شرکت کا ذمہ دار نہیں ہوں ۔ انہیں پر اعتراض ہو سکتا تھا ۔ کیونکہ میں نہ تو مسلم لیگ کا کوئی عہدیدار ہوں نہ ان کے یا کسی دیگر کے ٹکٹ پر ممبری کا امیدوار ہوں کہ اس کا جواب میرے ذمہ ہو ۔ دیگر یہ کہ احمدیوں کا اس اسلامی جھنڈے کے نیچے آ جانا اس بات کی دلیل ہے کہ واقعی مسلم لیگ ہی مسلمانوں کی واحد نمائندہ جماعت ہے وجہ یہ ہے کہ احمدی لوگ کانگرس میں شامل نہیں ہو سکتے کیونکہ یہ خالص مسلمانوں کی جماعت نہیں ہے ۔ نہ احرار میں شامل ہو سکتے ہیں کیونکہ وہ سب مسلمانوں کے لیے نہیں بلکہ صرف اپنے احراری جماعت کے لیے لڑتے ہیں جن کی امداد پر کانگرسی جماعت ہے اور حدیث الدین نصیحۃ کی تفسیر میں خود رسول مقبول صلی اللہ علیہ و سلم نے عامۃ المسلمین کی خیر خواہی کو شمار کیا ہے ۔ ہاں اس وقت مسلم لیگ ہی ایک ایسی جماعت ہے جو خالص مسلمانوں کی ہے ۔ اس میں ... مسلمانوں کے سب شامل ہیں پس احمدی صاحبان بھی اپنے آپ کو اسلامی فرقہ جانتے ہوئے شامل ہو گئے ۔ جس طرح کہ اہل حدیث اور حنفی اور شیعہ وغیرہ شامل ہوئے اور اس امر کا اقرار کہ احمدی لوگ اسلامی فرقوں میں سے ایک فرقہ ہیں مولانا ابوالکلام صاحب کو بھی ہے ان سے پوچھ لیں اگر وہ انکار کریں تو ہم ان کو تحریروں میں دکھا دیں گے ۔

F.19

بیس

پھر ۱۹۴۷ مین لاہورمین پاکستان کے روشن مستقبل کے لیے امام جماعت احمدیہ کے چند لیکچرار دیے

جو اسوقت بڑے مقبول ہوئے ۔ یہ پڑھنے کی بجائے یہاں رکھتا ہوں ۔ اب رہا یہ سوال جو میرے

نزدیک بڑا عجیب سا ہے وہ ہے اکھنڈ ہندوستان ۔ اس زمانے کے حالات پر بہت سارے حوالے چونکہ

میں دے دونگا ان کی مختصر تصویر بتانا چاہتا ہوں ۔ اس زمانے کے حالات میرے نزدیک یہ تھے کہ

انگریز ہندوستان کو آزادی دینے کے لیے تیار ہو گیا اور مسلمانوں کی کوئی ایسی تنظیم موجود نہ

تھی جو تمام مسلمانوں کی نمائندگی میں ان کے حقوق کی پوری طرح حفاظت کر سکے ۔ مسلم لیگ

جو ہے وہ بعد میں اپنے Role پر آئی ۔ سوال میرے نزدیک اس زمانے میں اکھنڈ ہندوستان

کا نہیں اور نہ پاکستان کا سوال تھا ۔ سوال یہ تھا ۔ مجھے افسوس ہے کہ صحیح اعداد و شمار

میں حاصل نہیں کر سکا ۔ ایک شخص کو کہا تھا سارے ہندوستان میں میرے خیال میں غالباً بارہ

چودہ کروڑ مسلمان ہوگا ۔ اگر کسی کو پتا ہے تو یہاں تصحیح کر دیں ۔

اٹارنی جنرل ۔ کس زمانے کی بات کر رہے ہیں ۔

گواہ ۔ آپ سمجھیں کہ کوئی تیس چالیس کے درمیان ۔

اٹارنی جنرل ۔ سات آٹھ کروڑ کہا جاتا ہے ۔

گواہ ۔ ٹوٹل

اٹارنی جنرل ۔ ہاں پاکستان بننے کے بعد hundred million مسلمان ۔

گواہ ۔ اب کتنے مسلمان چھوڑ کر آئے تھے اور کتنے کروڑ ہندوستان میں رہ گئے ۔

F.19

اٹارنی جنرل ۔ ابھی آج کل نو کروڑ ۔ اس زمانے میں تین چار کروڑ سمجھا گیا تھا ۔

گواہ ۔ اس زمانے میں پانچ چھ کروڑ تھا ... سات کروڑ ... یہ فگرز میرے ذہن میں نہیں تھیں ، چار کروڑ تو کل دس کروڑ کے قریب سارے مسلمان دس گیارہ کروڑ تو اس وقت سوال یہ تھا کہ دس کروڑ مسلمان جو ہندوستان میں بستے ہیں جن کا ایک کوئی مضبوط شیرازہ نہیں ان کی حفاظت حقوق کی حفاظت کس طرح کی جائے ۔ اس وقت مسلمان دو / دو نظریوں میں آ گئے ۔
Schools of thought

اٹارنی جنرل ۔ مرزا صاحب یہاں جو آپ نے کہا کہ اسوقت ۱۹۳۰-۴۰ بہت بڑا عرصہ ہے ۔ کوئی خاص آپ ایسا عرصہ متعین کریں ؟

گواہ ۔ میری مراد وہ ہے جب انگلستان آزادی دینے کے لیے تیار ہو گیا ۔

اٹارنی جنرل ۔ انگلستان کبھی تیار نہیں تھا ۔ آزادی دینے کے لیے ۔ میرا خیال ہے جنگ ختم ہو گئی ۔ اس کے بعد ۔

گواہ ۔ جب عقلمندوں نے یہ سونگھا کہ کوشش کی جائے کہ ہم آزاد ہو سکتے ہیں ۔

اٹارنی جنرل ۔ جنگ ختم ہو گئی تھی یہ تو اس کے بعد کی بات ہے ۔ اس وقت کے زمانے میں کوئی سوال نہیں تھا ۔

F.19

گمراہ ـ سائمن کمیشن ـ وہ یہ یعنی آزادی کی طرف قدم اٹھا رہا تھا بہرحال میں اپنا نظریہ بتا رہا ہوں ـ ایک زمانہ ایسا آیا ـ کوئی زمانہ لے لیں کہ جب تمام مسلمانان ہند کے حقوق کی حفاظت کا سوال تھا ـ اس وقت مسلمانان ہند دو گروہوں میں بٹ گئے ـ ایک کا خیال یہ تھا کہ سارے ہندوستان کے مسلمان اکٹھے رہیں ان کے حقوق کی حفاظت زیادہ اچھی ہو سکتی ہے ـ میں صرف outline لے رہا ہوں ـ اور ایک کا خیال بعد میں یہ ہوا اور اس زمانے میں ہمارے قائد اعظم محمد علی جناح کا خیال تھا کہ اگر سارے مسلمان اکٹھے رہیں تو ان کے حقوق کی حفاظت زیادہ اچھی طرح ہو سکتی ہے ـ چنانچہ رئیس احمد جعفری نے لکھا ہے ـ ان کی کتاب میں ہے ۲۰۲ - ۲۰۱ صفحے سے ـ قائد اعظم کے متعلق انہوں نے لکھا ہے ـ میں حیران ہوں کہ میرے ملی وقار کو کیا ہو گیا تھا ـ میں کانگرس سے صلح اور مفاہمت کی بھیک مانگا کرتا تھا ـ میں نے اس مسئلہ کے حل کے لیے اتنی مسلسل غیر منقطع مساعی کی کہ ایک انگریز اخبار نے لکھا کہ مسٹر جناح ہندو مسلم اتحاد کے مسئلہ سے کبھی نہیں تھکتے لیکن گول میز کانفرنس جسکا میں نے ابھی اوپر ذکر کیا ـ گول میز کانفرنس کے زمانے میں مجھے اپنی زندگی کا سب سے بڑا صدمہ پہنچا ـ جیسے ہی خطرے کے آثار نمایاں ہوئے ہندو ذہنیت دل و دماغ سے اس طرح نمایاں ہوئی کہ اتحاد کا امکان ہی ختم ہو گیا ـ اب میں مایوس ہو چکا تھا ـ مسلمان بے سہارا اور ڈانواں ڈول ہو رہے تھے ـ کبھی حکومت کے عیاد و طرار ان کی راہنمائی کے لیے آ موجود ہوتے تھے ـ کبھی کانگرس کے نیازمندان خصوصی ان کی قیادت کا فرض ادا کرنے لگتے

F.19

تھے ۔ مجھے ایسا محسوس ہونے لگا کہ میں ہندوستان کی کوئی مدد نہیں کر سکتا ۔ نہ ہندو
ذہنیت میں کوئی خوشگوار تبدیلی کر سکتا ہوں ۔ نہ مسلمانوں کی آنکھیں کھول سکتا ہوں ۔ آخر
میں نے لندن ہی میں بودوباش کا فیصلہ کر لیا ۔ پھر بھی میں نے ہندوستان سے تعلق قائم
رکھا اور چار سال کے قیام کے بعد میں نے دیکھا کہ مسلمان خطرے میں گھرے ہوئے ہیں ۔ آخر
میں نے رخت سفر باندھا اور ہندوستان پہنچ گیا ۔ یہاں آنے کے بعد میں نے ۱۹۳۵ میں صوبائی
انتخاب کے سلسلہ میں صدر کانگریس سے مفاہمت اور مصالحت کی گفت و شنید کی اور ایک فارمولا
ہم دونوں نے مرتب کیا ۔ لیکن ہندوؤں نے اسے منظور نہ کیا اور معاملہ ختم ہو گیا تو اس وقت
یہ آپ ہی انہوں نے لکھا ہے کہ مفاہمت اور مصالحت کی یہ کوشش کر رہے تھے ۔ اس لیے کر رہے
تھے کہ ان کا دماغ ، دراصل مسلمان کے ان کے دلوں میں ان بزرگوں کے ان کا خیال یہ تھا کہ
سارے مسلمان دس کروڑ جو اسوقت تھے اب بڑھ گئے اکٹھے رہیں ہندوستان میں اور اپنے حقوق دستوری
طور پر Constitutionally وہ منوا سکیں تو یہ بہتر ہے ۔ لیکن ہندوانہ
ذہنیت نے اس چیز کو قبول نہ کیا اور انہوں نے ایسا اظہار کیا گویا وہ مسلمان پر حکومت کرنا
چاہتے ہیں ۔ انہیں اپنی غلامی میں رکھنا چاہتے ہیں ۔ اس وقت مسلمان دو حصوں میں ہو گئے ۔
ایک کے لئے پاکستان میں آنا ممکن ہی نہ تھا عملاً اپنے اس وقت کئی کروڑ مسلمان وہاں ہندوستان
میں بس رہے تھیں ۔ اور ایک کے لئے ممکن ہو گیا ۔ بعد کے حالات ایسے ہوئے یہ جو کوشش تھی
جس کی طرف جناح صاحب نے اشارہ کیا ہے کہ یہ کوشش جماعت احمدیہ کی بھی تھی ایک وقت

F.19

مین کہ اگر سارے مسلمان متحد اکٹھے رہین تو وہ اپنے حقوق کی اچھی طرح حفاظت کر سکتے
ہین ۔ جب پاکستان کے بننے کے آثار پیدا ہوئے تو وہ لوگ جو دوسرا نظریہ رکھتے تھے یعنی
سارے اکٹھے رہین یا وہ لوگ جن کو کانگریس نے خریدا ہوگا کہا نہین چھوڑ کچھ جا سکتا ۔ میری
طبیعت طبعاً حسن ظنی کی طرف پھرتی ہے ۔ بہرحال انہون نے اپنے لیے طاقت کا چھوٹا سا
سہارا ۔ جماعت بڑی چھوٹی سی ہے ۔ کمزور ۔ یہ کہا کہ پراپیگنڈہ شروع کر دیا ۔ جماعت مین کہ تم
کیون پاکستان مین جانا چاہتے ہو ۔ تمہارے ساتھ یہ ہمیشہ سختی کرتے ہین ۔ افغانستان
مین کیا ہوا ۔ فلان جگہ کیا ہوا ۔ اسوقت خلیفہ ثانی نے علی الاعلان یہ کہا ۔ اس وقت سوال
یہ نہین کہ جماعت احمدیہ کے مفاد کیا ہین ۔ اس وقت سوال یہ تھا کہ مسلمان متحد جو ہین
وہ عزت کی زندگی کسطرح گزار سکتے ہین ۔ ان کے حقوق کی کسطرح حفاظت کی جا سکتی ہے ۔
اگر بفرض محال جماعت احمدیہ کے ساتھ وہی سلوک کیا جائے پاکستان بننے کے بعد جس سے تم
ہمین ڈراتے ہو تب بھی نہین کہونگا کہ پاکستان بننا چاہیے ہم ان کے ساتھ جائینگے ۔ کچھ یون
نے پراپیگنڈہ کیا ۔ مین خود شاہد ہون ۔ مین نے ۱۹۴۷ مین جدوجہد کی مسلم لیگ کے ساتھ
بیٹھے ۔ ان کی جو پارٹی شملہ مین ہو رہی تھی اور کمیشن پارٹیشن کا بیٹھا ہوا تھا ۔ شملہ
مین انہین ساتھ رہا ساتھ بیٹھا ساتھ کوششین کین ۔ اسوقت نظر آ رہا تھا کہ یہ شرارت کر
رہے ہین ۔ ہندو ۔ اس وقت بھی ہم ۔ ہم سے بڑی ہر ۔ ساری پارٹی ۔ ہمین اسوقت مین
پہلے پتہ لگ گیا ۔ تفصیل مین جانے کی ضرورت نہین ۔ کہ ان کے یہ ارادے ہین ۔ وعدہ یہ کر
رہے تھے ۔ ریڈکلف صاحب ۔ انہون نے اشارتاً وعدہ یہ کیا تھا کہ سارا گورداسپور اور فیروزپور کے
اکثر حصے پاکستان مین جائین گے ۔ لیکن وہان ہمین پتہ لگا کہ یہ دھوکہ بازی کر رہے ہین ۔ وہان
جا کر اطلاع دی بالکل ایک جان ہو کر اس مجاہدے مین اس مین جو جنگ ہو رہی تھی اس کے
اندر شامل ہوئی جماعت اب جب مین سوچتا ہون کہ جن لوگون نے ہماری جیسی قربانیان دین

F.19

قیام پاکستان کے لیے پاکستان میں جو آئے ہوئے خاندان ہیں انہوں نے اور میں بیچ میں رہا ہوں
جنگ کی ۔ میرے اندازے کے مطابق پچاس ہزار سے ایک لاکھ تک ہماری عصمت قربان ہوئیں اور
پاکستان کے لیے جو قتل ہوئے ہیں ان کا شمار نہیں ۔۔ مسلمانوں کے بچوں کو سکھوں نے اپنے
نیزوں پر چڑھایا ہے اور اچھالا ہے ۔ اور میں اس کا گواہ ہوں کیونکہ میں سب سے آخر میں یہاں
آیا ہوں اور بڑی قربانی دی ہے لیکن جو پیچھے رہ گئے ہیں انہوں نے بھی کم قربانی نہیں دی ۔
آج تک قربانی دے رہے ہیں ۔ بجائے اسکے ہم یہ سوچیں اور سر جوڑ کر جو ہندوستان میں مسلمان
رہ گئے ہیں ۔ ان کے حقوق کے لئے باہر سے بھی خدمت کر سکتے ہیں ۔ ہمارے حالات بدل گئے
ہیں کوئی پروگرام بنائیں انکے معیار بڑھانے کے لئے بہت سے اور طریقے ہیں ۔ صرف حکومت کے اندر
نہ سہی باہر سے بھی خدمت کر سکتے ہیں ۔ جنہوں نے ہمارے لئے قربانیاں دیں ۔ قیام پاکستان
میں وہ پاکستان نہیں آ سکتے ۔ وہ یہاں کھپ گئے ۔ اب اسکی بجائے ہمیں یہ دور آ گیا کہ
ہمارا اب مشرقی پاکستان بھی علیحدہ ہو گیا تو ہمارے نزدیک کوئی اعتراض نہیں ہے ۔ اس پس منظر
میں اسلئے میں جو حوالے اسلامی پیش کرنا ہے ان قرآن بتائیں ان پر اعتراض ہوئے اخباروں میں ۔

F.19

اسلئے یہ لے رہا ہوں کہ فرقان بٹالین کے متعلق کہونگا دو تین منٹ میں ختم کر دونگا ۔ زیادہ
بتا دیتا ہوں جسوقت پاکستان بنا کشمیر کی جنگ شروع ہو گئی اسوقت حالات اس قسم کے تھے
Commit
کہ ہماری فوجیں کمل کر وہاں ... نہیں کر سکتیں تھیں اسوقت کشمیر میں بہت سی رضاکارانہ
بٹالین بنیں ۔ اسوقت سرحد کے غیور پٹھانوں کے لشکر آئے اور پاکستان کی آرمی کو اسطرح کوسٹ
کیا گیا جسطرح کی جاتی ہے ۔ چونکہ اسوقت ضرورت تھی رضاکاروں کی تھی ہمارا کسی قسم کا
ارادہ نہیں ؟ میں قسم کھا کر کہہ سکتا ہوں اور میں جانتا ہوں کہ آرمی لوگ دے رہی تھی
خلیفہ المسیح پر کہ وہ ایک بٹالین بنائیں ہمیں بٹالین کی ضرورت ہے ۔ وہ کہہ رہے تھے کہ مصلحین
اور جو ہمارے متعلق ہیں/ ... کیوں انہیں تنگ کرتے ہو انہوں نے کہا اگر آپ کو پیار ہے کہ محاذ کو
روکا جائے تو ایک بٹالین تیار کریں ان کے کہنے پر رضاکارانہ ایک بٹالین تیار کی گئی ان کو لڑائی
سرائے
کا بالکل تجربہ نہ تھا ۔ سرائے عالمگیر میں کیمپ بنایا ۔ اور وہاں دو تین مہینے کی ٹریننگ ہوئی
جذبے کا یہ حال تھا کہ ایک نوجوان جسکا قد بہت چھوٹا تھا جو کہتا تھا کہ مجھے بھی لے
چلو ۔ اسکو جب چاند ماری کے لئے لے گئے تو پتہ لگا کہ اس کی انگلی رائفل کی ٹریگر پر نہیں
پہنچتی ہاتھ چھوٹا تھا اسکا ۔ وہ بضد تھا کہ میں نے محاذ پر جانا ہے انہوں نے کہا کہ رائفل
چلا کر دیکھو چنانچہ اس نے رائفل کا بٹ اسطرح رکھا ۔ اسکے جذبے کو دیکھ کر وہ آرمی آفیسر
کو
جو فرقان بٹالین کی ٹریننگ کے لئے/باقاعدہ اسکو اجازت دی گئی تھی ۔ وہاں ان کو آرمز اشو
کئے گئے جسطرح اشو کرتے ہوں جو ہوا اسکے بیان کی ضرورت نہیں ۔

F.19

وہ disband ہوئی ۔ اور ساری دنیا کو پتہ ہے فوج کے آفیسر یہاں ہیں اب اعتراض یہ ہو گیا ہے۔ ساری رائفل جو فرقان بٹالین کو دی گئی تھی۔ وہ لیکر بھاگ گئی اور رہوہ گئی بہائیوں کے اندر اندر ان کو دفن کر دیا ایک منٹ میں یہ سوال حل ہوتا ہے۔ جنہوں نے issue کی تھی ان سے پتہ کریں ایک ایک رائفل ایک ایک راؤنڈ واپس ملا ہے یا نہیں اور اسوقت کے کمانڈر انچیف نے نہایت اعلیٰ درجے کا سرٹیفکیٹ اس بٹالین کو دیا اور شکریہ کے ساتھ پھیر آرمز کے واپس بھیجے اس بٹالین کو وردی issue نہیں تھی لنڈے بازار سے پھٹی ہوئی وردیاں لی گئیں تھیں اور بارشوں میں وردیاں ایسی تھیں کہ کسی کا بازو نہیں ہے تو کسی کا دھڑ نہیں کسی کی قمیض کا بالکل دھڑ ہی نہیں تھا۔ میری ان آنکھوں نے دیکھا ان کو لڑتے ہوئے ۔

اٹارنی جنرل۔ مرزا صاحب اساءة کیجئے یہ سوال بالکل نہیں پوچھا اگر باہر کی باتیں آ جائیں یہ سن کر ......

گواہ۔ ٹھیک ہے میں بند کر دیتا ہوں۔

اٹارنی جنرل۔ گزارش ہے کہ مرزا صاحب یہ سوال نہیں پوچھا تھا کسی نے فرقان فورس کے بارے میں ۔

Witness. I wrongly presume it.

A.G.: If you want to say something which you think is in your interest

Witness. Not now.

— جب میں نے معذرت کر لی۔ میں نہیں بولتا۔

F.19

اٹارنی جنرل ـ آپ پورا کر لیں ـ

گواہ ـ میری غلطی ہے ـ

AG - I have not asked for this.

گواہ ـ شکریہ پہلے روک دیتے ـ میں رک جاتا ، میں سمجھا کہ آپ کچھ کہنا چاہتے

میں ـ ٹھیک ـ

اٹارنی جنرل ـ میں نے سوال نہیں پوچھا ـ نہ پوچھنے کا لسٹ میں تھا ـ ہوتا تو بیشک

آپ کرتے ـ

گواہ ـ ایک اور سوال میں پوچھ لیتا ہوں ـ وقت ضائع کرنے کے بجائے چوہدری محمد ظفر اللہ

خان صاحب نے اتنی خدمت کی عرب ممالک کی یہ حوالے موجود ہیں ہمارے پاس بڑی بھاری

انکی تعریف میں ، میں آگے کچھ نہیں کہتا ـ کشمیر رہ گیا ـ ۱۹۳۱ء میں ـ

F.19

اٹارنی جنرل ۔ آپ نے ذکر کر دیا تھا اب کچھ اور فرمانا چاہتے ہیں تو کہہ دیجئے۔

گواہ ۔ ممکن ہے ایک آدھ فقرہ رہ گیا ہو۔میں مختصراً عرض کر دیتا ہوں۔ اسکی ابتداء اس طرح شروع ہوئی کہ کشمیر کمیٹی کے نام سے ایک کمیٹی ۱۳ جولائی۔ ۱۹۳۱ء کو بنی۔ اور ریاستی پولیس کی فائرنگ سے ۲۱ مسلمان شہید ہوئے اور سینکڑوں زخمی ہوئے۔ ۱۳/جولائی ۱۹۳۱ء کو ڈوگرہ حکومت نے ۲۱ مسلمانوں کو شہید کیا۔ تو اس وقت ان کو ریاست سے باہر نکلنا پڑا۔ بڑا مشکل تھا انہوں نے smuggled out کیا مسلمانان کشمیر نے اور سیالکوٹ پہنچ کر انہوں نے مختلف جگہوں پر تاریں دیں۔ ہمارے خلیفۂ ثانی کو بھی تار دی اس کے نتیجے میں پہلا کام یہ ہوا کہ خلیفہ ثانی نے وائسرائے ہند کو تار دی دوسرے صوبوں کے مسلمانوں کو تار دیں تاکہ ان کو کہا کہ اکٹھا ہو جاؤ شروع کا کام کیا۔ اسوقت جب یہ اعلان ہوا۔ یہ حالت خواجہ حسن نظامی صاحب نے ایک خط میں لکھا کہ خلیفہ ثانی کو اور یہ کہا آپ نے یہ اعلان کیا میں آپ کے ساتھ ہوں اس کام میں سب مسلمانوں کو مل کر کام کرنا چاہیئے ۔

F.19

Mr Chairman : Break for Maghrib prayers.

A.G. : Please let him conclude, it will not take more than five minutes.

Mr Chairman. Alright witness may continue.

مسٹر چیئرمین۔ ٹھیک ہے پھر ختم کر لو۔

گواہ ۔ ابتدائی اعلان میں جو خط و کتابت ہوئی اسکے بعد All India تنظیم کے قیام کے لئے مسلمانان ہند سے اپیل کی گئی۔ اور اسکے بعد کشمیریوں سے اپیل کی گئی ابنائے کشمیر سے وہ کشمیری خاندان جو باہر آ کر آباد ہو گئے تھے اس میں آپ نے لکھا ہے میں امید کرتا ہوں ڈاکٹر علامہ اقبال صاحب، شیخ دین محمد، محسن شاہ صاحب اسی طرح برسر آوردہ ابنائے کشمیر جو اپنے وطن کی محبت میں کسی دوسرے سے کم نہیں اس موقع کی اہمیت سمجھتے ہوئے موجودہ طوائف الملوکی کو ختم کرنے کی کوشش کریں ۔ ورنہ اس میں کوئی شبہ نہیں کہ سب طاقت ضائع ہو جائے گی اور نتیجہ کچھ بھی نہ نکلے گا۔ اس پر ۲۵ جولائی ۱۹۳۱ء کو شملہ کے مقام پر نواب ذوالفقار علی خان صاحب کی کوٹھی فیئر ویو میں مسلم اکابرین ہند کا اجلاس ہوا۔ جس میں یہ فیصلہ ہوا کہ ایک آل انڈیا کشمیر کمیٹی بنائی جائے جو اس سارے کام کو اپنے ذمے لیکر پایۂ تکمیل تک پہنچائے ۔ اس وقت تک یہ مہم جاری رہے جب تک ریاست کے باشندوں کو ان کے جائز حقوق نہ حاصل ہو جائیں۔ اس اجلاس میں امام جماعت احمدیہ کے علاوہ مندرجہ ذیل لیڈروں نے شمولیت کی ۔

F.19

ڈاکٹر سر محمد اقبال صاحب ۔

حضرت خواجہ حسن نظامی صاحب ۔

سید محسن شاہ صاحب ۔

نواب سر ذوالفقار علی شاہ صاحب ۔

نواب محمد اسمٰعیل صاحب آف کنج پورہ ۔

خان بہادر شیخ رحیم بخش صاحب ۔

مولانا نور الحق صاحب مالک انگریزی روزنامہ مسلم آؤٹ لک ۔

مولانا سید حبیب صاحب مالک روزنامہ سیاست ۔

عبدالرحیم صاحب درد ۔

مولانا اسمٰعیل صاحب غزنوی ، امرتسر کے تھے ، غزنوی خاندان کے ۔

نمائندہ مسلمانان جموں

مسلمانان صوبہ کشمیر کے نمائندے ، اور

صوبہ سرحد کے نمائندے ۔

یہ سب کے سب اکابرین آل انڈیا کشمیر کمیٹی قائم ہوتے ہی اس اجلاس میں

F.19

اس کے ممبر بن گئے۔ کام شروع ہو گیا۔ اس کا پس منظر یہ ہے کہ اس وقت بعض دوستوں نے کہا خلیفۃ ثانی کو کہ آپ اس کے صدر بنیں اور آپ نے انکار کیا، کہ مجھے صدر نہ بنائیں۔ میں ہر خدمت کرنے کے لئے تیار ہوں۔ اگر مجھے صدر کا عہدہ نہ دیں۔ کچھ مصلحتیں سمجھائیں وہاں ۔ اس پر سارے جو تھے انہوں نے زور ڈالا ، جن میں سر محمد اقبال بھی تھے کہ آپ کو ہی (صدر) بننا چاہیئے۔ چنانچہ آپ کو مجبور کیا گیا کہ اس عہدے کو قبول کر لیں۔ قبول ہو گیا۔ شروع ہوا کام اور بہت سے مراحل میں سے گزرا۔ اس کے آگے میں اپنی طرف سے (بیان) کروں گا ، ذرا مختصر کر دوں گا ۔۔ ایک تھا پیسہ ۔ اس وقت ہندوستان میں کام کرنے کے لئے بھی پیسے کی ضرورت ، اور کشمیریوں کی مدد کرنے کے لئے بھی پیسے کی ضرورت ۔ چنانچہ ساروں نے contribute کئے ہوں گے۔ لیکن اپنی بساط سے زیادہ جماعت کی طرف سے کشمیریوں کی مدد کے لئے رقم بھی دی گئی۔ اس وقت سوال پیدا ہوا رضاکاروں کا جو جاکر ان کی حوصلہ افزائی کریں، ان کو organise کریں۔ خود کشمیر کی حالت تنظیم کے لحاظ سے بہت پس ماندہ تھی۔ ہر ایک کو پتا ہے۔

F.19

یعنی اس وقت ہندوستان کی حالت سے بھی وہ زیادہ پیچھے تھے۔ اس کے راجہ کا hold
بڑا سخت تھا۔ آخر وہ گئے ۔۔ ایک وقت ایسا آیا کہ انہوں نے بڑے ظالمانہ طور پر مقدمے
بنانے شروع کر دیئے ، یعنی کوئی ان کا گناہ نہ ہوتا تھا اور مقدمہ بن جاتا تھا۔ اس وقت
انہوں نے کہا ، تار دی کہ ہمارے پاس وکیل بھیجو۔ بڑی سخت ان کو پریشانی تھی ۔
یہاں سے گیارہ بارہ وکیل گئے ان میں سے (اپنے ایک ساتھی کی طرف اشارہ کر کے)
ایک صاحب یہ بیٹھے ہیں ۔ انہوں نے مہینوں وہاں کام کیا اور میرا خیال ہے ، قریباً
سارے مقدموں میں فتح جو ہوئی وہ کشمیری مسلمانوں کو ہی ہوئی۔ ان میں ہمارے
فوت ہو چکے ہیں۔ شیخ بشیراحمد صاحب جو ہائی کورٹ کے جج بھی رہے ہیں ، اس
وقت وکیل تھے ، وہ گئے ۔ ان کے لئے ساری دنیا میں پروپیگنڈہ کیا۔ خصوصاً انگلستان میں
تو ان کے لئے ایک لمبی struggle (ہوئی) ۔ جو رضاکار گئے ، سارے بھی
اور دوسرے بھی جو رضاکار گئے ان کے اوپر سختیاں کی گئیں۔ ساروں پر۔ یعنی وہاں کوئی
فرق نہیں کہ یہ احمدی ہے ، یا وہابی ہے یا یہ ہے وہ ہے ۔ مسلمانان کشمیر کی
جد و جہد میں سارے شامل ہیں۔ یہی میرا (مطلب) ان سارے (والوں) میں تھا کہ
ہمارے تو کبھی علیحدہ ہونے کی نہیں ۔

Mr Chairman: The delegation is permitted to withdraw for Maghrib and to report back at 7.30

گواہ ۔ یہ آکر داخل کرا دیں گے ۔

F.19

Mr Chairman: The honourable Members may keep sitting.

(The delegation withdrew).

Mr Chairman, The House is adjourned to meet at 7.30

(The Committee adjourned till 7.30).

The Committee reassembled after Maghreb prayers Mr Chairman (Sahibzada Farooq Ali) in the Chair.

Mr Chairman: Yes, the Attorney General.

اٹارنی جنرل — مرزا صاحب! آپ ختم کر چکے ہیں—

گواہ — جی—

اٹارنی جنرل— مرزا صاحب! ٹائم چونکہ کم ہوتا جا رہا ہے اس لئے میں بالکل مختصر کرنا چاہتا ہوں— جو باتیں آ گئی ہیں کیوں کہ آپ نے اس آزادی کی جد و جہد کے بارے میں کئی باتیں کی ہیں —

F.19

	گواہ ۔ اس آزادی کی جد و جہد کے بارے میں آپ نے کافی کچھ کہا ہے، میں اسکی تفصیل میں تو نہیں جانا چاہتا یہ جو باؤنڈری کمیشن تھا اس کے بارے میں آپ نے منیر کمیشن کی رپورٹ سے ایک حوالہ پڑھا کہ چوہدری صاحب نے بہت زیادہ کوشش کی۔ یہ سب ہم نے پڑھا ہوا ہے اور وہ پاکستان کی نمائندگی کر رہے تھے اور اس میں کوئی شک نہیں کہ انہوں نے بڑی کوشش کی۔ نہ میں نے اس پر کوئی سوال پوچھا ہے اور نہ ہمیں اس پر کوئی dispute ہے ۔ مگر ایک چیز جو منیر صاحب نے بعد میں کہی ممکن ہے بعد میں آپ نے پڑھا ہو ۔ پاکستان ٹائمز ۲۲ جون ۱۹۶۴ء میں انہوں نے کوئی دو تین آرٹیکل لکھے تھے اس دوران میں ۔ وہ میں نے نہیں پڑھے ۔ اٹارنی جنرل ۔ خان ۔ آپ کو یاد نہیں ہو گا پڑھے بھی ہوں تو ۔ گواہ ۔ بہرحال مجھے پتہ نہیں ۔

F.19

اٹارنی جنرل ۔ دس سال کی بات ہے ۔ تو وہاں ظفر صاحب کہتے ہیں۔

Pakistan Times, 24th June, 1964: "Days I Remember":-

" In connection with this part of the case I cannot refrain from mentioning an extremely unfortunate circumstance. I have never understood why the Ahmadis submitted a separte representation. . The need for such a representation could arise only if the Ahmadis did not agree with the Muslim League case ___ itself a regrettable possibility. Perhaps they intended to reinforce the Muslim League's case but in doing so they gave the facts and figures for different parts of Garh Shankar, thus giving prominence to the fact that in the area between the river Bein and the River Basanter the non-Muslim constituted a majority and providing argument for the contention that if the area between rivers Ujh and Bein went to India, the area between the Bein river and the Basantar river would automatically go to India. As it is, this area has remained with us but the stand taken by the Ahmadis did create considerable embarrassment for us in the case of Gurdaspur."

F.19

(16)

اٹارنی جنرل۔ آپ نے فرمایا ----

گواہ۔ انہوں نے کمیٹی کی رپورٹ میں نہیں لکھا۔

اٹارنی جنرل۔ میں کہہ رہا ہوں کہ انہوں نے جون ۱۹۶۳ء میں ایک آرٹیکل لکھا۔

گواہ۔ ۱۷ سال بعد۔

اٹارنی جنرل۔ کافی عرصہ بعد ... سال بعد۔

گواہ۔ ۱۷ سال بعد۔

اٹارنی جنرل۔ تو میں اس پر صرف یہ عرض کرنا چاہتا تھا کہ آپ نے مسلم لیگ سے آپ کہتے ہیں کہ تعاون کیا اور یہ ایک ایسی اسٹیج تھی ----

گواہ۔ جی۔

اٹارنی جنرل۔ یہ ایک ایسی اسٹیج تھی کہ برٹش گورنمنٹ اور کانگریس بھی اس بات کو تسلیم کر چکی تھی کہ مسلم لیگ مسلمانوں کی واحد نمائندہ جماعت ہے۔ میں ۳۶-۱۹۳۷ء کی بات کر رہا ہوں۔ واحد نمائندہ سے یہ مطلب نہیں کہ ہر ایک مسلمان اس میں تھا۔

گواہ۔ نہیں نہیں۔

اٹارنی جنرل۔ مگر یہ کہ represent کر رہی تھی۔ واحد آواز تھی۔ کہ واحد نمائندہ جماعت وہ accept کر لی تھی۔ جب انہوں نے memorandum دیا یہ memorandum separate دینے کی بہان منیر صاحب کہتے ہیں سمجھ نہیں آئی بلکہ اس سے ہمیں خدشات پیدا ہوئے۔ ہمیں embarrassment ہوئی۔

گواہ۔ ۱۷ سال کے بعد انہوں نے اس بات کا اظہار کیا کہ مجھے سمجھ نہیں آئی۔

اٹارنی جنرل۔ ہاں۔

گواہ۔ اور یہ کہ آپ نے رپورٹ میں نہیں لکھا۔

F.19

	اٹارنی جنرل :- آپ نے رپورٹ میں نہیں لکھا ۔ گواہ :- تو منیر صاحب تو نہیں۔ آپ نے انکی رپورٹ پڑھی ہے۔ تو میں آپ کو سمجھا دیتا ہوں ۔ اٹارنی جنرل :- نہیں میں یہ کہہ رہا تھا کہ ایک آدمی ہے جو کہ باؤنڈری کمیشن کا بھی جج تھا۔ پھر اسکی رپورٹ میں بھی وہی جج تھا۔ پھر رپورٹ میں انھوں نے چوہدری صاحب کو جو سرٹیفیکیٹ دیا ہے کہ انہوں نے بڑی محنت اور جانفشانی سے

F.19

	پاکستان کا کیس [illegible] کیا ۔ اس کے بعد سات سال یا دس سال کے بعد ۔۔۔۔ گواہ ۔ نہیں نہیں۔ ۱۹۴۷ء، ۱۹۵۷ء، ۱۹۶۹ء ۔ اٹارنی جنرل ۔ میں بھی کہہ رہا ہوں ۔ ۱۹۴۷ء میں تو وہ باؤنڈری کمیشن میں تھے۔ پھر اسکے بعد ۱۹۵۳-۵۴ء میں انکوائری ہو رہی تھی تو چوہدری صاحب نے ۱۹۴۷ء میں خدمت کی۔ اس کا ذکر کرتے وقت ۔۔۔۔۔۔۔ گواہ ۔ نہیں۔ میرا مطلب یہ ہے کہ اس واقعہ کے ۱۷ سال بعد ۔۔۔۔۔۔۔۔ اٹارنی جنرل ۔ ہاں ۔ اس کے بعد ۱۹۶۹ء میں ۔ گواہ ۔ ۱۹۴۷ء سے ۱۹۶۹ء تک ۔ ۱۷ سال کی خاموشی کے بعد جب وہ کافی بوڑھے بھی ہو چکے تھے تو شاید ممکن ہے بڑھاپے کی وجہ سے جو بات اس وقت جوانی میں سمجھ آ گئی ہو نہ سمجھ آئی ہو ۔

F.19

اٹارنی جنرل – یہ اچھا جواب ہے- خیر مین صرف آپ کی توجہ دلانا چاہتا تھا-

گواہ – تو بات یہ ہے اگر آپ کہین تو مین آپ کو بتا دون – ہندون نے ایک بڑی

سخت شرارت یہ کی، مین نے آپ سے کہا کہ مین ان دنون کام کرتا رہا ہون- پہلی

یہ شرارت کی کہ جماعت احمدیہ جو ہے اسکو دوسرے مسلمان کافر کہتے ہین اس لئے

ان کی تعداد گرداسپور کے مسلمانون مین شامل نہ کی جائے اور گرداسپور ضلع مین

۵۱ اور ۴۹ کا فرق تھا –

اٹارنی جنرل – نہین – وہ تو مین جانتا ہون آپ سب جانتے ہین –

گواہ – مین آپ کو ایک اندر کی بات بتاؤن –

دوسری شرارت انہون نے یہ کی کہ اگرچہ مسلمانون کی آبادی گرداسپور مین ۵۱

فیصد ہے لیکن جو چھوٹے نابالغ بچے ہین، [illegible] نہین ہین- وہ تو ووٹر

نہین ہین- ان کے اوپر فیصلہ نہین [illegible]ونا چاہئیے اور ویسے ہی [illegible]وائی چلا دی

کہ ہندون کی [illegible] آبادی مسلمانون سے زیادہ ہے- مین چونکہ اپنی زندگی مین

F.19

